
وکان اللہ بکل شی علیما اور
خدا ہر چیز کا عالم ہے پس جانتا
ہے کہ کون سزاوار ہے جس پر نبوت
تمام کی جائے اور عیون الاجوبہ
مین ہے کہ ہر کتاب کی صحت اُس کی
مہر سے ہے۔ حق سبحانہ' تعالی نے پیغمبر
کو مہر فرمایا تاکہ لوگ جان لین کہ محبت
خدا کے دعوے کی صحت بجز آپ کی
پیروی کے نہین کر سکتے ہین۔ کیونکہ
فرمایا ہے اگر تم دوست خدا ہو۔ تو
میری متابعت کرو اور جب کہ کتاب
کا شرف اور اس کی بزرگی بوجہ مہر
کے ہے تو جملہ انبیا کا شرف آنحضرت
کی وجہ سے ہے اور ہر کتاب کا گواہ
اُس کی مہر ہے پس آنحضرت قیامت
کے دربار مین سب کے گواہ ہونگے
جیسا کہ خدا نے فرمایا کہ ہم تجھ کو ان
سب پر گواہ لائینگے اور جب کتاب پر
مہر ہو گئی تو غیر لوگون کے پڑھنے سے

یافت در نبوت بر غیر او بستہ گشت
واز موافق ومخالف مروی است
کہ آنحضرت با امیر المؤمنین خطاب
فرمود کہ یا علی انت منی
بمنزلۃ ہارون من
موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی
اے علیؑ تو از من بمنزلہ ہارونی
از موسیٰ الا آنست کہ بعد از
من پیغمبری نہ خواہد بود
یعنی اگر جایز می بود کہ بعد از
من پیغمبری باشد آن تو می
بودی نہ غیر بجہت جامعیت
فضل ومزیت علم وانواع
محاسن واخلاق تو نسبت بسایر
مردمان انتہی

محفوظ رہتی ہے اسی طرح جب نبوت
کی مہر ہو گئی تو آپ کے سوا دوسرے
پر دروازہ نبوت کا بند ہو گیا۔ اور
شیعہ وسنی سے روایت ہو کہ آنحضرت
نے امیر المؤمنینؑ سے خطاب فرمایا کہ
یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون
من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی
یعنے اے علیؑ تم میرے نزدیک بمنزلہ
ہارونؑ ہو نزد موسیٰ مگر یہ کہ میرے
بعد کوئی پیغمبر نہیں ہے یعنے اگر یہ
جائز ہوتا کہ میرے پیچھے کوئی پیغمبر ہو
سکے تو تمہیں ہوتے نہ اور کوئی بوجہ
کمال فضیلت وکثرت علم وانواع
محاسن واخلاق کے بہ نسبت اور لوگوں
کے یعنے چونکہ تم دوسرے آدمیوں سے
افضل ہو اور افضل ہی پیغمبر ہوتا ہے
مگر مجھ پر تو نبوت پوری ہو چکی ہے
اس لئے تم نبی نہیں ہو بلکہ بمنزلہ
ہارونؑ وصی ہو۔

ایضاً بحار جلد ششم باب
فضائله وخصائصه
وخاتم النبیین ای وآخر
النبیین ختمت النبوة به
فشریعة باقیه الی یوم
الدین

ایضاً مجمع البحرین صفحہ ۵۱۴
وخاتم النبیین ای آخرهم
لیس بعده نبی

ایضاً کافی کتاب الحجة باب الفرق
بین الرسول والنبی والمحدث
عن ابی جعفرؑ ولقد ختم
الله بکتابکم الکتب وختم
بنبیکم الانبیاء

ایضاً باب مشابهت ائمه
بمن مضیٰ عن ابی عبدالله
علیه السلام ان الله عز
ذکره ختم بنبیکم النبیین

اور بھی بحار جلد ششم باب فضائل و
خصائص آنحضرتؐ
وخاتم النبیین یعنے آپ سب نبیون
کے آخری ہین آپ ہی پر نبوت تمام
ہے پس آپ کی شریعت تاقیامت
باقی ہے۔

اور بھی مجمع البحرین مین ہے صفحہ ۵۱۴
وخاتم النبیین یعنے آنحضرت کل نبیون
کے آخر ہین کوئی نبی آپکے بعد نہین ہے

اور بھی کافی کتاب الحجہ باب فرق
درمیان رسول و نبی و محدث مین ہے
امام محمد باقرؑ سے مروی ہے فرمایا بتحقیق
خدائے تعالیٰ نے تمھاری کتاب پر
کتابین تمام کین اور تمھارے نبی
پر انبیا پورے کئے۔

اور بھی باب مشابہت ائمہ گذشتہ
لوگون سے حضرت امام جعفر صادق
نے فرمایا بتحقیق خدائے تعالیٰ نے
تمھارے نبی پر انبیا تمام کئے پر انکے

فلا نبی بعدہ ابدا وختم بکتابکم
الکتب فلا کتاب بعدہ ابدا

ایضاً باب جہات علوم الائمۃ
عن ابی الحسن الاول موسیٰ
ولا نبی بعد نبینا

ایضاً عیون الاخبار ص ۲۳۵
عن الرضاء وشریعۃ محمد
لا تنسخ الی یوم القیمۃ ولا
نبی بعدہ الی یوم القیمۃ فمن
ادعیٰ بعدہ نبوۃ او اتیٰ
بعد القرآن بکتاب فدمہ
مباح لکل من سمع ذالک
منہ انتہی

ایضاً فیہ ص ۲۶۵
عنہ وان محمدا عبدہ و
رسولہ وامینہ وصفیہ
وصفوتہ من خلقہ وسید

بعد کوئی نبی ہرگز نہ ہوگا اور تمھاری کتاب
یعنے قرآن پر کتابین ختم کین پس اس
کے پیچھے کوئی کتاب ہرگز ہرگز نہ ہوگی۔

اور بھی باب جہات علوم ائمہ
حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے
مروی ہے اور کوئی نبی ہمارے نبیؐ کے بعد
نہین ہے۔

اور بھی عیون الاخبار مین ہے ص ۲۳۵
امام رضاؑ نے فرمایا کہ شریعت آنحضرتؐ
تاقیامت منسوخ نہ ہوگی اور آپ کے بعد
تاقیامت کوئی نبی نہ ہوگا پس جو آپ
کے بعد نبوت کا دعوی کرے یا بعد قرآن
کے کوئی کتاب لائے تو اُس کا خون مباح
وحلال ہے ہر اُس شخص پر جو اس کو
اُس سے سُنے۔

اور بھی اُسی مین ہے ص ۲۶۵
اُنھین حضرت نے فرمایا تحقیق حضرت
محمد مصطفےٰ بندہ و رسول و امین خدا
اور تمام خلق سے پسندیدہ و برگزیدہ

المرسلین وخاتم النبیین و
افضل العالمین لا نبی بعده
ولا تبدیل لملته ولا تغئیر
لشریعته

ایضاً نہج البلاغۃ خطبۂ صفت خلق
آدم ص٥

قال امیر المؤمنین۔ الی ان
بعث الله سبحانه محمدا رسول
الله صلی الله علیه وآله لا
نجاز عدته و تمام نبوته انتهی

ایضاً فیه ص ۱۲۳

اجعل شرائف صلواتك و
نوامی برکاتك علی محمد عبدك
ورسولك الخاتم لما سبق
والفاتح لما انغلق

علامہ مجلسی رہ درجلد ششم بحار باب
خصائص نبی در شرح این عبارت می فرمایند

تبیین الخاتم لما سبق ای الوحی
والرسالة والفاتح لما انغلق

خدا ہین اور سردار مرسلین و آخر انبیا و افضل
تمام عالم ہین اُن کے بعد کوئی نبی نہین
ہے نہ اُن کے دین مین کوئی تبدیل اور نہ
شریعت مین کوئی تغیر ہوسکتی ہے

اور بھی نہج البلاغہ خطبہ صفت خلق آدم ؑ
مین ہے ص٥

امیر المؤمنین ؑ نے فرمایا۔ یہانتک کہ خدا
نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو مبعوث
فرمایا تاکہ اپنا وعدہ پورا کرے اور اپنی
نبوت تمام فرمائے

اور بھی اُسی مین ہے ص۱۲۳

خدایا تو اپنی بزرگ رحمتین اور بڑھنے والی
برکتین اپنے بندہ و رسول حضرت محمد
مصطفےٰ پر نازل کر جو گذشتہ چیزون کے
ختم کرنے والے اور بند ہوئی اشیا کے کھولنے
والے ہین۔

علامہ مجلسی رہ جلد ششم بحار باب خصائص
آنحضرت مین اسکی شرح یون فرماتے ہین۔
بیان۔ گذشتہ چیزون کے ختم کرنیوالے
یعنے وحی و رسالت کے تمام کرنیوالے ہین

يقال انغلق واستغلق اذا
عسر فتحه اى فتح ما انغلق
وابهم على الناس من مسائل
الدين والتوحيد والشرايع
والسبيل الى الله تعالى

انتهى

ايضاً نهج البلاغة ص ۱۶۰

ايها الناس خذوا عن خاتم النبيين
صلى الله عليه وآله وسلم

ايضاً فيه ص ۵۰۵

بابى انت وامى لقد انقطع
بموتك ما لم ينقطع بموت
غيرك من النبوة والانباء
واخبار السماء

ايضاً كتاب الغيبة لشيخ الطائفة
ص ۱۸۷

در توقيع رفيع كه بنام احمد بن اسحاق است
ثم بعث محمداً صلى الله عليه
وآله وسلم رحمة للعالمين

اور بند اشیاء کے کھولنے والے سے یہ مراد ہے
کہ کہا جاتا ہے انغلق اور استغلق جب کسی
شے کا کھولنا دشوار ہو جاتا ہے یعنے آنحضرت
نے کھولدیا جو کچھ مسائل دین و توحید و شرایع
و راہ خدائے تعالے سے بندوں پر بند اور
مبہم ہو گیا تھا۔

اور بھی نہج البلاغہ میں ہے ص ۱۶۰

اے لوگو حضرت خاتم انبیا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے حاصل کرو

اور بھی اسی میں ہے ص ۵۰۵

یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ میرے باپ
اور ماں آپ پر سے فدا ہو جائیں تحقیق آپ
کی موت سے قطع ہو گئی وہ چیز جو دوسرے
کے مرنے سے منقطع نہ ہوتی یعنے نبوت اور
خبرداری اور آسمانی خبریں۔

اور بھی کتاب الغیبت شیخ الطائفہ میں
توقیع رفیع میں ہے جو بنام احمد بن اسحاق
رہ آئی ہے۔ پھر خدا نے حضرت محمد صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو تمام عالم کیلیے رحمت مبعوث

وتمم به نعمته وختم به انبیائه
وارسله الی کافة الناس

ایضاً فیه صلوات حضرت حجت ص ۱۸۰
اللهم صل علی محمد سید المرسلین
وخاتم النبیین

ایضاً در نجم الثاقب علامهٔ نوری ہمین است ص ۳۱

ایضاً صحیفهٔ کامله دعا ۱۷ ص ۶۵
اللهم صل علی محمد خاتم النبیین
وسید المرسلین

ایضاً فیه دعا روز شنبه
اللهم صل علی محمد خاتم النبیین
وتمام عدة المرسلین

ایضاً بحار جلد ششم باب خصائصه
الاول انه خاتم النبیین

ایضاً منهاج النجاة ص ۲۷
وسادتهم خمسة الذین دارت
علیهم الوحی وهم اصحاب

فرمایا اور بوجہ اُن کے اپنی نعمت کو پوری کیا
اور اُن پر نبیون کو تمام کیا اور انھین
کل آدمیون پر رسول گردانا۔

اور بھی اُسی مین صلوات حضرت حجت مین ہے ص ۱۸۰
خدایا حضرت سید المرسلین اور خاتم النبیین
پر تو درود بھیج

اور بھی نجم ثاقب علامہ نوری مین بھی یہی ہے ص ۳۱

اور بھی صحیفہ کاملہ کی سترھوین دعا مین ہے
خدایا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ آخر انبیاء و
سردار مرسلین پر رحمت نازل فرما۔

اور بھی دعائے روز شنبہ مین ہے
خداوندا درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ پر جو نبیون
کے آخر اور مرسلین کے عدد کو تمام کرنیوالے ہین

اور بھی بحار جلد ششم باب خصائص آنحضرت
مین ہے۔ پہلا خاصہ آپ کا یہ ہے کہ آپ انبیا
کے ختم اور تمام کرنے والے ہین

اور بھی منہاج النجاة مین ہے ص ۲۷
بزرگان انبیا پانچ ہین جن پر وحی کا دار و
مدار ہے اور وہ صاحبان شریعت اور اولوالعزم

الشرایع و اولوالعزم نوح وابراهیم
وموسیٰ وعیسیٰ ونبینا محمد
صلوات الله وسلامه علیهم
وهو سیدهم وافضلهم وخاتمهم
لانبی بعده ولا تبدیل لملته
ولا تغییر لشریعته کما قال الله
عزوجل ولکن رسول الله
وخاتم النبیین

ایضاً عقائد الاسلام ص۸۵

پس ازاین دلایل ثابت شد که آنحضرت پیغمبر
برحق بلکه خاتم انبیا مطلق است انتهی

ایضاً حق الیقین ص۱۶

خصوصاً بعد از حضرت رسالت که خاتم پیغمبران
است وبعد از او امید بعثت پیغمبر دیگر
نیست

ایضاً انوار المجالس ص۲۵

واجب است اعتقاد نمودن باینکه محمد بن
عبدالله بن عبدالمطلب بن هاشم بن عبدمناف
بن قصی بن کلاب بن مره بن کعب بن لوی

ہیں نوح وابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ اور ہمارے
نبی محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین اور آنحضرت
ان سب کے سردار اور افضل اور آخری
ہیں کوئی نبی ان کے بعد نہیں ہے اور کوئی
تبدیل اُن کے دین میں اور نہ کوئی تغییر
اُن کی شریعت میں ہوگی جیسا کہ خدائے
عزوجل نے فرمایا ہے ولیکن آپ رسول اللہ
اور آخری پیغمبر ہیں

اور بھی عقائد الاسلام میں ہے ص۸۵

پس ان دلیلوں سے ثابت ہوا کہ آنحضرت
پیغمبر برحق بلکہ مطلق انبیاء کے آخری ہیں

اور بھی حق الیقین میں ہے ص۱۶

خصوصاً بعد حضرت رسالت کے جو خاتم پیغمبران
ہیں اور ان کے بعد کسی دوسرے پیغمبر کی
بعثت کی امید نہیں ہے

اور بھی انوار المجالس میں ہے ص۲۵

اس پر اعتقاد رکھنا واجب ہے کہ محمد بن
عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف
بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی

بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ
بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن
نزار بن معد بن عدنان بن اد بن اد بن
الیسع بن الہمیسع بن سلامان بن البیت
بن حمل بن قیدار بن اسماعیل بن ابراہیم الخلیل
بن تارخ بن ناخور بن شروخ بن ارغو بن
قانع بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام
بن نوح بن ملک بن متوشلخ بن اخنوخ بن
الیارذ بن مہلائیل بن قینان بن انوش
بن شیث بن آدم خاتم ہمہ پیغمبران است
و بعد از او پیغامبر از جانب خداوند نخواہد آمد
پس ہر کہ بعد از او ادعای پیغمبری کند
کافر است و کشتن او بر مسلمانان لازم است

ایضاً نجم ثاقب ص ۲۳۶

در ترجمہ توقیع رفیع است کہ باسم شیخ
مفید وارد شدہ است۔

و مسئلت میکنم او را کہ صلوات فرستد بر سید
ما و مولائے ما محمد خاتم النبیین و بر اہل
بیت طاہرین آنحضرت

بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ
بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن
نزار بن معد بن عدنان بن اد بن اد بن
الیسع بن الہمیسع بن سلامان بن البیت
بن حمل بن قیدار بن اسماعیل بن ابراہیم الخلیل
بن تارخ بن ناخور بن شروخ بن ارغو بن
قانع بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام
بن نوح بن ملک بن متوشلخ بن اخنوخ
بن الیارذ بن مہلائیل بن قینان بن انوش
بن شیث بن آدم تمام نبیوں کے آخری ہیں
اُن کے بعد خدا کی طرف سے کوئی پیغمبر نہ آئیگا
پس جو ان کے بعد پیغمبری کا دعویٰ کرے
کافر ہے اور اسکا قتل کرنا مسلمانوں پر لازم ہے

اور بھی نجم ثاقب میں ہے ص ۲۳۶

ترجمہ میں توقیع رفیع کے ہے جو بنام شیخ
مفید وارد ہوئی ہے

میں سوال کرتا ہوں اس سے کہ ہماری سید و
مولا محمد آخر انبیا اور ان کے اہل بیت
طاہرین پر درود بھیجے۔

ایضاً جنات الخلود الجدول السادس
در القاب آنحضرتؐ است بست و ششم
خاتم النبیین است و در خصائص آنحضرت
است بست و چهارم رتبهٔ خاتمیت بر پیغمبران
ایضاً مختصر کتاب مفتاح الہدایہ کہ بامضاء
سرکار حجۃ الاسلام جناب آقای صدر
دام ظلہ العالی در بمبئی طبع شدہ است ص۵
و حضرت محمد بن عبد اللہ اشرف و خاتم
پیغمبران است انتہیٰ

ایضاً حدیقۂ سلطانیہ باب سوم ص۲۷۶
و از خصائص آنحضرتؐ ختم نبوت است بر
آنحضرت کہ از جملۂ متواترات است و حدیث
یا علیؓ انت منی بمنزلۃ ھارون
من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی
نص است بر آن انتہیٰ

ایضاً الاعتقادیۃ المنظومۃ
للعالم الفاضل المولوی السید
کلب باقر النقوی الجائسی حتیٰ انتہی
الامر الی الختام * فجاء خیر الخلق

اور بھی جنات الخلود چھٹی جدول مین ہے
آنحضرتؐ کے القاب مین چھبیسوان لقب خاتم
النبیین ہے اور آپکے خصائص مین چوبیسوان
خاصہ آپ کا رتبہ خاتمیت کا پیغمبرون پر ہے
اور بھی مختصر کتاب مفتاح الہدایہ مین ہے
جو بدستخط و مہر سرکار حجۃ الاسلام آقای
صدر دام ظلہ العالی بمبئی مین چھپا ہے
اور حضرت محمد بن عبد اللہ اشرف و خاتم
پیغمبران ہین انتہیٰ

اور بھی حدیقۂ سلطانیہ باب سوم ص۲۷۶
آپکی خاص صفتون مین سے آپ پر نبوت
کا ختم اور پورا ہونا ہے جو متواترات سے ہے
اور حدیث منزلت (یعنے اے علیؓ تم میرے
نزدیک مثل ہارون ہو نزد موسیٰ مگر یہ کہ
میرے بعد کوئی نبی نہین ہے) اسپر نص ہے
اور بھی اعتقادیہ منظومہ عالم فاضل مولوی
سید کلب باقر صاحب نقوی جائسی مین ہے
جب امر نبوت ختم ہونے کو آیا تو حضرت
خیر الوریٰ جہان مین آئے اور مین گواہ کرتا

فی الانام ÷ واشهد الله الشهید المحقا + ان محمد انبیا حقا ÷ وانه قد ختم الرسالة ÷ وکل دین بعده ضلالة ÷

ہون خدائے شہید حق کو اس پر کہ حضرت محمدؐ نبی برحق ہین اور اس پر کہ تحقیق اُنھون نے رسالت کو تمام کردیا ہے اور ہر دین اُن کے دین کے بعد گمراہی ہے ۔

بعثت و افضلیت آنحضرتؐ بر تمام خلق

آنحضرت کی بعثت و افضلیت تمام خلق پر

رسالۂ اعتقادات صدوق رح

وان الله بعث نبیه محمدا للانبیاء فی الذر وان الله عج اعطی ما اعطی کل نبی علی قدر معرفته ومعرفة نبینا محمد وسبقه الی الاقرار به انتهی

ایضا منهاج النجاة ص ۲۷۸

وان الله بعثه الی الانبیاء علیهم السلام فی الذر کما قال الله عز وجل هذا نذیر من النذر الاولی فسایر الانبیاء

رسالۂ اعتقادات صدوق رح

اور تحقیق اللہ تعالے نے اپنے نبی محمدؐ کو تمام انبیا پر عالم ذر مین پیغمبر گردانا اور تحقیق اللہ عزوجل نے بقدر اپنی معرفت اور ہمارے نبی کی معرفت اور ان کی طرف اقرار کی سبقت کے ہر نبی کو عطا فرمایا ہے جو کچھ عطا فرمایا ہے

اور بھی منہاج النجاۃ مین ہے ص ۲۷۸

تحقیق خدائے تعالے نے عالم ذر مین انبیا کیطرف آپ کو مبعوث فرمایا جیسا کہ فرماتا ہے یہ پہلے ڈرانے والون مین سے ایک ڈرانے والا ہے پس کل انبیا آپ کی اُمت ہین اھ

امته وانما اعطی الله کل
نبی ما اعطی علی قدر معرفة
بنبینا و سبقه الی الاقرار
به

ایضاً فیه ص ۲۷۹

نبوة نبینا صلی الله علیه و
آله عامة لجمیع الناس کما قال
الله عزوجل وما ارسلناك
الا کافة للناس بشیرا ونذیرا
بل للجن والانس کما فی قوله
عزوجل اجیبوا داعی الله
وآمنوا به حکایة عنهم
وکما انه صلی الله علیه وآله
سید الانبیاء فکذلك اوصیاؤه
خیر الاوصیاء وکتابه خیر الکتب
والمهیمن علیها کلها ودینه
خیر الادیان وناسخها وامته
خیر الامم واوسطها کما
قال عزوجل کنتم خیر امة اخرجت

اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو بقدر ہمارے نبی کی معرفت
اور اُن کے اقرار کی سبقت کے عطا فرمایا ہے
جو کچھ عطا کیا ہے یعنے بقدر معرفت وسبقت
اقرار نبوت آنحضرت ہر نبی کو رتبہ ملا ہے

اور بھی اُسی مین ہے ص ۲۷۹

ہمارے نبی کی نبوت تمام آدمیون کیواسطے
عام ہے جیسا کہ خدائے عزوجل نے فرمایا ہے
اور ہم نے تم کو نہین بھیجا ہے مگر کل آدمیون
کیلئے بشارت دینے والا اور ڈرانیوالا بلکہ
جن وانس سب کے واسطے ہے چنانچہ قول خدا
مین ہے بزبانی جنات خدا کے بلانے والے
کی اجابت کرو اور اس پر ایمان لاؤ اور جیسے
آنحضرت سردار انبیا ہین اُسیطرح آپ کے
اوصیا بہترین اوصیا ہین اور آپ کی کتاب
بہترین کتب ہے اور کل کتابون پر گواہ ہے
اور آپ کا دین سب دینون سے بہتر ہے اور
کل دینون کا ناسخ ہے اور آپ کی اُمت سب
اُمتون سے بہتر اور درمیانی ہے جیسا کہ
خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے تم بہترین اُمت

للناس وكذالك جعلناكم امة
وسطا لتكونوا شهداء على
الناس ويكون الرسول عليكم
شهيدا

ايضاً فيه ص۲۲۸

وقال نبينا صلے الله عليه واله
لعلیؑ يا علیؑ ان الله تبارك و
تعالى فضل انبياءه المرسلين
على ملائكته المقربين وفضلنی
على جميع النبيين والمرسلين
والفضل بعدی لك يا علیؑ و
الائمة من بعدك وان الملئكة
لخدامنا وخدام شيعتنا الحديث

ايضاً شرح تجريد للعلامہؒ ص۲۰۱

قال والسمع يدل على عموم
نبوته عليه السلام اقول
ذهب قوم من النصارى الى
ان محمداً صلے الله عليه واله
مبعوث الى العرب خاصة والسمع

ہو لوگون کے واسطے ظاہر کیے گئے ہو۔ اور
اسیطرح ہم نے تم کو درمیانی امت بنایا ہے
تاکہ تم لوگون کے گواہ ہو اور رسول تم پر
گواہ ہووے۔

اور بھی اُسی مین ہے

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ نے حضرت علیؑ
سے فرمایا یا علیؑ بتحقیق خدائے تبارک و تعالیٰ
نے اپنے انبیاء مرسلین کو ملائکہ مقربین پر
فضیلت دی ہے اور مجھ کو تمام انبیاء و
مرسلین سے افضل بنایا ہے اور میرے بعد
تم کو فضیلت ہے اور ائمہ کو جو تمھارے بعد
ہونگے اور بدرستیکہ فرشتہ ہمارے خادم
ہین اور ہمارے شیعون کے خدمتگذار ہین

اور بھی شرح تجرید علامہؒ مین ہے ص۲۰۱

خواجہ علیہ الرحمہ فرماتے ہین دلیل سمعی بتاتی
ہے کہ آنحضرت کی نبوت عام ہے شارح یعنی
علامہؒ فرماتے ہین ایک گروہ نصاریٰ کا مذہب
یہ ہے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ و آلہ خاص
عرب کے ہی پیغمبر ہین اور شریعت اس قول

يكذب قولهم هذا قال الله
تعالى لانذركم به ومن بلغ
وقال تعالى وما ارسلناك
الا كافة للناس وسورة
الجن تدل على بعثه عليه
السلام اليهم وقال عليه
السلام بعثت الى الاسود
والاحمر

ايضاً فيه صـ ۲۰۲

قال وهو افضل من الملائكة
وكذا غيره من الانبياء
لوجود المضاد للقوة العقلية
وقهره على الانقياد عليها

انتهى

والتفصيل فى الشروح

ايضاً الاعتقاديۃ المنظومة صـ ۵۵

وكان قد ارسل نحو الامم ؛؛
جميعهم من عرب وعجم ؛؛
وسورة الجن تدلنا على ؛؛

کی تکذیب کرتی ہے خدائے تعالیٰ فرماتا ہے
تاکہ مین تم کو اور جس کو یہ بات پہونچے.
بوجہ اُس کے ڈراؤن اور بھی فرمایا ہے
مین نے تم کو رسول نہین بنایا ہے مگر کل
آدمیون کیلئے اور سورۃ جن دلیل ہے کہ
آنحضرتؐ اجنہ پر مبعوث ہوئے ہین اور
آپ نے فرمایا ہے کہ مین ہر سیاہ وسرخ
یعنے کل آدمیون پر مبعوث ہوا ہون.

اور بھی اُسی مین ہے صـ ۲۰۲

فرماتے ہین آنحضرتؐ فرشتون سے افضل ہین
اور اسیطرح اور انبیاؑ سے بھی افضل ہین
بوجہ اس کے کہ قوت عقلیہ کی ضد مثل قوت
شہویہ وغضبیہ کے موجود ہے مگر اُس پر غالب
ہوکر تابع بنایا ہے انتہیٰ

اور تفصیل شرح مین ہے

اور بھی اعتقادیۂ منظومہ مین ہے

اور آنحضرتؐ تمام گروہہائے عرب وعجم یعنے
کل دنیا پر رسول ہین اور سورۂ جن ہم کو
بتارہا ہے کہ آنحضرتؐ اُن پر مبعوث ہوئے ہین

کون نبینا علیہم مرسلا ∴ و
الفضل للنبی لا للملک ∴ کما ھو
التحقیق فی ذا المسلک ∴ وشرف
اللہ نبینا علی ∴ جمیع انبیائہ و
فضلا ∴ علیہ رب العرش صلی
وعلی ∴ اکرم آل الہ خیر الملا انتہی

ایضاً حق الیقین ص ۱۳۰

باید دانست کہ آنحضرت مبعوث بود بر کافہ
بشر از عرب وعجم آدمیان وایضاً مبعوث
بود بر جنیان بنص قرآن ودین او ناسخ
جمیع ادیان پیغمبران است وبعد از او
پیغمبری نخواہد بود وآنحضرت اشرف
است از جمیع مخلوقات از ملائکہ وجن وانس
واز حضرت امیر المؤمنین وسائر ائمہ افضل
بود وآنچہ بعضی از غلات میگویند کہ امیر المؤمنین
افضل از آنجناب بود کفر است وآنجناب
مستجمع جمیع صفات کمالیہ است۔

ایضاً فیہ ص ۱۳۱

وافضلیت آنحضرت بر سائر خلق ضروری

اور نبی فرشتون سے افضل ہین اس طریقہ
مین قول تحقیق یہی ہے اور ہمارے پیغمبر
کو خدا نے تمام انبیا پر شرافت وفضیلت
دی ہے پروردگار عرش آپ پر اور آپکی
آل اکرم پر جو بہترین گروہ ہین درود
نازل فرمایے۔

اور بھی حق الیقین مین ہے ص ۱۳۰

جاننا چاہیے کہ آنحضرت تمام آدمیون پر
عرب وعجم کے مبعوث تھے اور جنات پر بھی
بدلیل قرآن رسول تھے اور آپ کا دین کل
پیغمبرون کے دین کا ناسخ ہے اور آپکے بعد
کوئی دوسرا پیغمبر نہ ہوگا اور آپ تمام مخلوقات
ملائکہ وجن وانس سے اشرف ہین اور امیر
المؤمنین اور باقی ائمہ سے افضل تھے اور جو
بعضے غالیون نے کہا ہے کہ حضرت امیر المؤمنین
آنحضرت سے افضل تھے کفر ہے اور آنحضرت
تمام صفات کمال کے جامع تھے

اور بھی اسی مین ہے ص ۱۳۱

آنحضرت کی افضلیت تمام خلق پر ضروری دین

دین اسلام است ۔

ایضاً فیہ ص ۱۵

بنص قرآن واحادیث متواترہ معلوم شدہ
است کہ حضرت رسول افضل انبیا است
و ہر فضیلتی وکرامتی کہ بہر پیغمبری دادہ
اند بآنحضرت زیادہ ازان کرامت کردہ
اند

ایضاً در ہمین صفحہ خصائص آنحضرت را
نوشتہ اند وان ہجدہ خاصہ است

ایضاً انوار المجالس ص ۲

و پیغمبر ما محمدؐ افضل و اکمل و اجمل و اورع
و اتقی و ازہد و اعلم و اشجع و اسخی و
ازکی از ہمہ پیغمبران بود و مبعوث بر
جمیع مخلوقات حتی حیوانات وغیرہ از نباتات
و گیاہات و جمادات و اشجار و انہار جمیع
مخلوقات گردیدہ و بہترین موجودین اولین
و آخرین می باشد و خداوند بہتری از
آنجناب خلق نفرمودہ و شریعت او ناسخ
شریعتہا و کتاب او ناسخ کتابہا است

اسلام ہے ۔

اور بھی اُسی مین ہے ص ۱۵

بدلیل قرآن واحادیث متواترہ معلوم ہو
چکا ہے کہ حضرت رسول کل انبیا سے افضل
ہین اور جو فضیلت و کرامت ہر ایک نبی
کو دی گئی ہے اُس سے زیادہ تر کرامت آپ
کو ہوئی ہے ۔

ایضاً اسی صفحہ مین آپکے خصائص کو لکھا ہے اور
وہ اٹھارہ چیزین ہین

اور بھی انوار المجالس مین ص ۲۵

اور ہمارے پیغمبر حضرت محمدؐ مصطفٰے افضل و
اکمل و اورع و اتقی و ازہد و اعلم و شجاعتر
و سخی تر و پاکیزہ تر کل پیغمبرون سے ہین
اور تمام مخلوقات حتی حیوانات وغیرہ پر نباتات
اور گھانس و جمادات و اشجار و انہار اور کل خلق
سے مبعوث ہوئے ہین اور سب موجودات
اولین و آخرین سے بہتر ہین اور خدا نے اُن
سے بہتر کسی کو خلق نہین فرمایا ہے اور اُن
کی شریعت کل شرعون کی اور اُن کی کتاب

وباید معتقد بود باینکه کتابی از آسمان
بعد از قرآن نازل نخواهد شد و ناسخی
از برای او نخواهد آمد و تغییری در
دین این پیغمبر تا روز محشر نخواهد بود
حرام محمد حرام الی
یوم القیمة وحلال محمد
حلال الی یوم القیمة ولازم
است اعتقاد نمودن باینکه آنجناب امی
بوده یعنی ناخوانده وکسی او را تعلیم نکرده
بلکه او معلم جمیع کائنات بود حافظ
نگار من که بمکتب نرفت وخط ننوشت
بنکته مسئله آموز صد مدرس شد
ایضاً صوارم الالهیات للعلامه
مولانا السید دلدار علی النقوی
اللکهنوی اعلی الله مقامه ؎
وهمچنین نگاه کن بطرف جناب سید المرسلین که
بالاتفاق افضل واکمل خلائق است

باب دوم در امامت

سب کتابون کی ناسخ ہے اور اس پر اعتقاد
رکھنا چاہیے کہ کوئی کتاب آسمان سے بعد
قرآن کے نازل نہ ہوگی اور اُس کا منسوخ
کرنیوالا کوئی نہ ہوگا اور کوئی تغییر اس
پیغمبر کے دین مین تا روز حشر نہوگی حرام
محمدؐ حرام ہے تا قیامت اور حلال محمدؐ قیامت
تک حلال ہے اور یہ اعتقاد لازم ہے کہ آنحضرتؐ
امی تھے یعنے ناخواندہ کہ کسی نے اُنکو پڑھایا
نہ تھا بلکہ وہ خود تمام کائنات کے معلم اور
اُستاد تھے حافظ
نگار من کہ بمکتب نرفت وخط ننوشت
بنکتہ مسئلہ آموز صد مدرس شد
اور بھی صوارم الالہیات علامہ مولانا سید
دلدار علی صاحب قبلہ وکعبہ نقوی لکھنوی
اعلی اللہ مقامہ مین ہے ؎
اور اسیطرح خیال کر جناب سید المرسلین کی
طرف کہ بالاتفاق افضل واکمل خلایق ہین

باب دوم امامت مین ہے

تعریف امام و نصب آن

شرح باب حادی عشر فصل سادس

الامامة ریاسة عامة فی امور الدین والدنیا لشخص من الاشخاص نیابة عن النبی وھی واجبة عقلا لان الامامة لطف انتھی

ایضاً عقائد الاسلام ص ۱۰۱

بدانکہ امامت در لغت پیشوائی را گویند و در اصطلاح آن کسی است کہ بر خلق حاکم و پیشوا باشد از جانب حق تعالی بواسطۂ پیغمبر ﷺ چون اینہا را دانستی و نیز بدانکہ در نزد علمار امامیہ واجب است کہ امام را حق تعالی نصب نماید عقلاً

ایضاً حق الیقین ص ۱۵

مراد از امام کسی است کہ مقتدا و پیشوای امت باشد در امور دنیا و دین جمیعاً بنحویکہ پیغمبر می گردد بنیابت

امام کی تعریف اور اسکا معین ہونا

شرح باب حادی عشر کی چھٹی فصل مین ہے

امامت ایک عام حکومت ہے دین و دنیا کے کامون مین سب لوگون مین سے ایک شخص کے لئے بہ نیابت نبیؐ اور وہ از روئے عقل کے واجب ہے کیونکہ امامت لطف ہے

اور بھی عقائد الاسلام مین ہے ص ۱۰۱

جان تو کہ زبان عرب مین پیشوا ہونے کو امامت کہتے ہین اور اہل شرع کی اصطلاح مین امام وہ شخص ہے جو بواسطہ پیغمبر حق تعالیٰ کی طرف سے خلق کا حاکم و پیشوا ہوئے جب یہ سب تونے جان لیا تو یہ بھی جان لے کہ علمار امامیہ کے نزدیک از روئے عقل واجب ہے کہ حق تعالیٰ امام کو معین فرمائے

اور بھی حق الیقین ص ۱۵ مین ہے

امام سے مراد وہ شخص ہے جو تمام امور دنیا و دین مین مثل پیغمبر مقتدا و پیشوا ہو بہ نیابت و جانشینی حضرت پیغمبر نہ یہ کہ مستقل

وجانشینی پیغمبر بر سبیل استقلال۔

ایضاً فیہ ص۱۶

انچہ فرقۂ ناجیۂ امامیہ برآن اتفاق
کردہ اند آنست کہ واجب است بر
حق تعالیٰ نصب امام کردن عقلاً وسمعاً انتہیٰ

ایضاً حدیقۃ الشیعہ ص۳

امام در زبان عرب یعنی پیشوا و سردار
ومقدم در کارہا است لہذا پیش نماز جماعت
را امام گویند و در اصطلاح فرقۂ ناجیہ اثنا
عشریہ شخصی را گویند کہ از جانب خداوند تبارک
وتعالیٰ بخلافت ونیابت رسول تعین شدہ
باشد چہ باعتقاد ایشان نصب امام بر
حق تعالیٰ واجب است عقلاً ازین جہت
سردار جمیع بندگان مسلمین وصاحب
اختیار ایشان در امور دین باشد چہ
خلافت رسول در نفس الامر نیابت خدا است
در روئے زمین پس البتہ ہر کہ بجائے پیغمبر قرار گیرد
باید کہ برخصت اللہ تعالیٰ باشد ورسول خدا
او را از برای این مہم تعین کردہ باشد ولفظ امام

طور سے ہو

اور بھی اسی مین ہے ص۱۶

جس پر فرقۂ ناجیۂ امامیہ کا اتفاق ہے یہ ہے
کہ حق تعالیٰ پر امام کا مقرر کرنا ازروئے عقل و
شرع کے واجب ہے۔

اور بھی حدیقۃ الشیعہ مین ہے ص۳

امام زبان عرب مین پیشوا و سردار اور ہر کام
کا افسر ہے اسلیئے پیشنماز جماعت کو امام کہتے ہین
اور فرقۂ ناجیہ اثنا عشریہ کی اصطلاح مین اسکو
امام کہتے ہین جو خدا تبارک وتعالیٰ کی طرف سے
خلافت ونیابت حضرت رسول پر معین ہوا
ہووے کیونکہ ان کے اعتقاد مین ازروئے عقل
کے امام کا مقرر کرنا حق تعالیٰ پر واجب ہے
اسی وجہ سے تمام مسلمان بندون پر امور دین
مین صاحب اختیار ہوتا ہے کیونکہ نبی کی جانشینی
فی الحقیقت روئے زمین پر خدا کی نیابت ہی پس
البتہ جو کوئی پیغمبر کی جگہ پر قرار پکڑے اُسکے
کیلیئے ضرور ہے کہ بحکم خدا ہو اور رسول خدا نے
اُسے اس مہم کیلئے معین کیا ہووے اور لفظ امام

ووصی وخلیفہ ونائب وولی وجانشین
ہمہ بیک معنی است. اگر کسی گوید کہ خدائے
تعالی در قرآن کریم خلیل خود ابراہیم علی
نبینا وآلہ وعلیہ السلام را امام خواندہ انجا
کہ می فرماید انی جاعلك للناس
اماما وداؤد را خلیفہ نامیدہ
ودر خطاب باو فرمودہ انا جعلناك
خلیفۃ فی الارض پس مخصوص
بوصی ونائب نباشد.

گوئیم کہ امام وخلیفہ درین اطلاق بموافقت
وضع لغوی مستعمل شدہ نہ اصطلاحی
ایضاً بعید ہذا می گوید ھ٣
وما در رسالہ اثبات واجب ذکر
کردہ ایم کہ امام شخصی است کہ حاکم
باشد بر خلق از جانب خدا بواسطہ آدمی
در امور دین ودنیائے ایشان مثل
پیغمبر الا انکہ پیغمبر از جانب خدائے تعالی
بیواسطہ آدمی نقل میکند وامام بواسطہ آدمی

اور وصی اور خلیفہ اور نائب اور ولی اور
جانشین سب ایک ہی معنی ہین ہے اگر
کوئی کہے کہ حق تعالی نے قرآن کریم مین اپنے
خلیل حضرت ابراہیم علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام
کو امام فرمایا ہے جہان پر کہتا ہے تحقیق
مین تم کو آدمیون کا امام بنانیوالا ہون اور
حضرت داؤد کو خلیفہ فرمایا ہے اور اُن سے
کہا ہے بدرستیکہ مین نے تم کو زمین مین خلیفہ
گردانا ہے پس یہ لفظ وصی اور نائب کے
لئے خاص نہین ہے.

ہم اسکے جواب مین کہینگے کہ امام وخلیفہ اس
جگہ لغوی معنی مین استعمال ہوا ہے نہ اصطلاحی
مین اور بھی فرماتے ہین
اور ہم نے رسالہ اثبات واجب مین ذکر
کیا ہے کہ امام وہ شخص ہے جو آدمی کی واسطہ
سے خلق پر امور دین ودنیا مین خدا کی طرف
سے مثل پیغمبر حاکم ہوا ہو مگر فرق یہ ہے کہ
پیغمبر احکام کو خدا کی جانب سے بلا کسی بشر کے
واسطہ کے نقل کرتا ہے اور امام آدمی یعنی پیغمبر

که آن پیغمبر است
وبعضی گفته اند که حقتعالی پیغمبران را
ازین جهت خلیفه و امام خوانده که دقیقه
شناسان الفاظ قرآنی و رمزدانان
آیات فرقانی فهم کنند و دریابند که
درحقیقت و نفس الامر تفاوتی و تغایری
که درمیان انبیا و رسل و خلیفه و
امام است همین اسم نبوت و پیغمبری
است دیگر هر فایده که بوجود رسول
و نبی مترتب است بر وجود ولی و نایب
نیز مترتب است و ازیکدیگر بنبوت
امتیاز یافته اند

ص ۲
ایضاً حدیقهٔ سلطانیه مبحث امامت
بدانکه امام ماخوذ است از ام یوم یعنی
قصد پس امام را ازین جهت امام گویند
که مردم اتباع او را در اقوال و
افعال قصد کنند پس او متبع باشد
و مطاع و سائر الناس له
اتباع

کے واسطے سے بیان کرتا ہے۔
اور بعضون نے کہا ہے کہ حق تعالی نے
پیغمبرون کو اس لیے خلیفہ و امام فرمایا۔ کہ
جو لوگ قرآنی لفظون کی باریکیان پہچاننے
والے اور فرقانی آیتون کے بھید جاننے والے
ہین وہ سمجھ لین اور جان لین کہ حقیقۃً
اور واقعاً جو تفاوت و فرق کہ درمیان نبیون
اور رسولون اور خلیفہ و امام کے ہے وہ یہی
نام نبوت و پیغمبری کا ہے باقی جو فائدہ کہ
وجود نبی و رسول پر حاصل ہے ولی اور امام
کے وجود سے بھی حاصل ہے اور نبوت کے
سبب آپس مین امتیاز و فرق ہوا ہے۔

ص ۲
اور بھی حدیقۂ سلطانیہ باب چہارم مین ہے
جاننا چاہیے کہ امام ام یوم سے لیا گیا ہے
اور معنی قصد و ارادہ ہے پس امام کو اس
وجہ سے امام کہتے ہین کہ لوگ اسکی پیروی
کا ہر قول و فعل مین قصد کرتے ہین پس وہ
پیروی کیا گیا اور اطاعت کیا گیا ہے اور
تمام لوگ اس کے پیرو ہین۔

ومراد از امام درین مقام کسیست که
مقتدائے امت وپیشوائے خلق باشد در
جمیع امور دین ودنیا بہ نیابت پیغمبر
پس آنچہ پیغمبر از طرف خدا میکرد امام
بہ نیابت وجانشینی پیغمبر بعمل می آرد
نہ بر سبیل استقلال

وگاہ ہست کہ امامت را اطلاق میکنند
بر ریاست عامہ دینیہ ودنیویہ علی الاطلاق
چنانکہ پروردگار جلیل درباره خلیل
میفرماید واذ ابتلی ابراھیم ربہ
بکلمات فاتمھن قال انی جاعلک
للناس اماما قال ومن ذریتی
قال لاینال عھدی الظالمین
یعنی دران ہنگام کہ ابراہیمؑ را پروردگار
بازمایش درآورد بچند کلمہ یا چند خصلت
پس بانجام رسانید ابراہیمؑ انہا را او تعالیٰ
از عنایت ورحمت فرمود بدرستیکہ من می
گردانم ترا برای خلق امام وپیشوا عرض کرد
امیدوارم کہ از ذریت من نیز امام باشند

اور اس مقام پر امام سے وہ شخص مراد ہے
جو پیغمبر کی نیابت سے تمام امور دین و
دنیا میں امت کا مقتدا اور خلق کا پیشوا
ہووے پس جو کچھ پیغمبر خدا کی طرف سے کرتے
تھے امام انکی نیابت سے بجا لائینگے نہ بطریق
مستقل

اور کبھی امامت کا اطلاق ریاست عامہ
دینیہ ودنیویہ پر مطلقاً کرتے ہیں جیسا کہ
پروردگار جلیل حضرت خلیلؑ کے بارہ میں
فرماتا ہے واذ ابتلی ابراھیم ربہ
بکلمات فاتمھن قال انی جاعلک
للناس اماما قال ومن ذریتی
قال لاینال عھدی الظالمین
یعنے جبکہ حضرت ابراہیمؑ کا چند کلمہ یا خصلت
سے خدا نے امتحان لیا اور انھون نے پورا
کیا حق تعالیٰ نے نہایت رحمت سے فرمایا
بہ درستیکہ مین تم کو خلق کا امام وپیشوا
کرتا ہوں عرض کی مین امیدوار ہون
میری ذریت مین بھی امام ہوئین

پس حقتعالی در جواب ارشاد فرمود که در
نمیابد عهد مرا که امامت باشد احدی از
ظلم کنندگان و عنقریب تفسیر این آیه در مبحث
عصمت خواهد آمد انشاء الله تعالی و مجملا درین
جا مذکور میشود مولانا فخر الدین طریحی نجفی
در مجمع البحرین می فرماید الامامة
هی الریاسة العامة علی جمیع
الناس فاذا اخذت لا بشرط
شئ تجامع النبوة والرسالة
واذا اخذت بشرط لا شئ لا
تجامعهما یعنے امامت عبارت است
از ریاست عامه دنیا و دین پس هر گاه از
برا طلاق آن بگذارند با نبوت و رسالت
مجتمع می توانند شد و هر گاه شرط نیابت
که عبارت از عدم استقلال است در آن
بیفزایند با نبوت و رسالت مجتمع
نخواهد شد۔

و نیز در تفسیر این آیه می فرماید۔
انی جاعلك للناس اماما ای

نے جواب مین فرمایا میرے عہد کو جو امامت
ہے ظالمون سے کوئی نپائیگا اور اس آیہ
کریمہ کی تفسیر عنقریب مبحث عصمت مین آئیگی
انشاء اللہ تعالی اور یہان پر بطور اجمال و
اختصار کے ذکر کیجاتی ہے مولانا فخر الدین
طریحی نجفی مجمع البحرین مین فرماتے ہین
الامامة هی الریاسة العامة
علی جمیع الناس فاذا اخذت
لا بشرط شئ تجامع النبوة و
الرسالة واذا اخذت بشرط
لا شئ لا تجامعهما یعنے امامت
عبارت ہے ریاست عام دین و دنیا سے
پس جبکہ اُس کو مطلق رکھین تو نبوت و
رسالت کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے اور جب
شرط نیابت اُس مین بڑھائین جسکا مطلب
نہ مستقل ہونا ہے تو نبوت و رسالت کے
ساتھ جمع نہوگی

اور اس آیت کی تفسیر مین فرماتے ہین
انی جاعلك للناس اماما ای

یأتم بك الناس فیتبعونك یعنی
میگردانم ترا پیشوائیکه ائتمام بکنند و
اقتدا نمایند مردم بتو پس متابعت تو
کنند پس امام امام است لان الناس
یؤمون افعاله ای یقصدونها
فیتبعونها و یقال للطریق
امام لانه یؤم ای یقصد

و در کافی از حضرت صادق در تفسیر همین
آیۂ کریمه منقول است که حقتعالی
ابراهیم را بندۂ خاص خود قرار داد قبل
از آنکه او را نبی گرداند و حقتعالی
او را نبی ساخت پیش از آنکه او را بمرتبۂ
خلت فائز گرداند و او را خلیل خود گردانید
پیش از آنکه او را امام بگرداند پس هرگاه
جمع ساخت برای او همه این مدارج را فرمود
انی جاعلك للناس اماما پس هرگاه
جلالت مرتبۂ امامت در نظر حضرت ابراهیم
هویدا گردید آرزو کرد که برای ذریت او نیز این

یأتم بك الناس فیتبعونك یعنی
مین تم کو پیشوا بناتا ہون کہ لوگ تمھاری پیروی
اور اقتدا کرین اور تمھارے تابع ہو جائین
پس امام اسلئے امام ہے کہ لوگ اُس کے
افعال کی پیروی کرتے ہین یعنے اُنکا قصد
کرتے ہین پس تابع افعال امام ہوتے ہین
اور رستہ کو بھی امام کہتے ہین گویا اُس کا
قصد کیا جاتا ہے۔

اور کافی مین حضرت صادق سے اسی آیۂ
کریمہ کی تفسیر مین منقول ہے کہ حقتعالی نے
حضرت ابراہیم کو اپنا بندۂ خاص قرار دیا۔
قبل اسکے کہ اُنکو نبی گردانے اور اُنکو حقتعالی نے
نبی بنایا اسکے پہلے کہ مرتبۂ خلیل پر فائز
کرے اور اُنکو اپنا خلیل کیا اس سے آگے کہ
امام بنائے پس جب اُنکے واسطے یہ مراتب
جمع کر دئے تو فرمایا بتحقیق مین تم کو لوگون کا
امام بنانیوالا ہون پس جب بزرگی مرتبہ
امامت نظر حضرت ابراہیم مین ظاہر ہوئی تو
آرزو فرمائی کہ اُنکی اولاد مین بھی یہ مرتبہ

مرتبہ حاصل شود پس بدرگاہ حضرت باری تعالےٰ
عرض کرد ومن ذریتی در خواہش
نمود و لا ینال عہدی الظالمین
یعنے سفیہ امام و پیشوا شخص پرہیزگار نمی
تواند بود و نیز مروی است کہ آنحضرت فرمود
ہر آنکہ پرستش کردہ است برای بتان
امام نمی تواند بود محدث کاشانی در تفسیر
صافی می فرماید کہ درین روایت تعریض
است بر مشائخ سہ گان ازاین راہ کہ زمانی
دراز قبل از اسلام پرستش بتان نمودہ
بودند انتہیٰ

ایضاً حیات القلوب جلد سوم صہ ٣
امام در لغت عرب بمعنی مقتدا و پیشوا است
و در اصطلاح فرقۂ ناجیہ در باب صلوٰۃ
کہ امام میگویند غالباً بمعنی پیش نماز است
و در علم کلام کہ امام میگویند مراد شخصی است
کہ از جانب خدا بخلافت و نیابت حضرت
رسالت پناہ معین شدہ باشد و گاہی ہست
کہ بر پیغمبر نیز امام اطلاق مینمایند و از

حاصل ہوے اسلئے درگاہ باری مین عرض کی
اور میری ذریت کو بھی امامت دے خدا
نے جواب مین فرمایا یہ میرا عہد امامت ظالمون
کو نہ ملیگا یعنے کوئی سفیہ و نادان پرہیزگار
کا امام نہین ہو سکتا ہے اور بھی وارد ہے
کہ آنحضرت نے فرمایا جس نے بتون کی پرستش
کی ہے وہ امام نہین ہو سکتا محدث کاشانی
نے تفسیر صافی مین فرمایا ہے کہ اس روایت مین
شیوخ ثلاثہ کی طرف کنایہ و طعن ہے اس راہ
سے کہ زمانہ دراز تک اسلام کے پہلے انھون
نے بت پوجے ہین۔

اور بھی حیات القلوب تیسری جلد مین ہے صہ ٣
امام لغت عرب مین پیشوا کے معنی مین ہے اور
اصطلاح فرقۂ ناجیہ مین جب باب نماز مین
امام کہتے ہین تو غالباً پیش نماز کے معنی مین
ہے اور علم کلام مین جب امام کہتے ہین تو وہ
شخص مراد ہے کہ خدا کی طرف سے خلافت و
نیابت حضرت رسالتپناہ پر معین ہوا ہو
اور کبھی پیغمبر کو بھی امام کہتے ہین اور بعضی

بعضی اخبار معتبرہ کہ انشاء اللہ تعالیٰ بعد
ازین مذکور خواہد شد معلوم میشود کہ مرتبہ امامت
بالاتر از مرتبہ پیغمبری است چنانچہ حقتعالیٰ
بعد از نبوت بحضرت ابراہیم خطاب فرمود کہ انی
جاعلک للناس اماما
بعضی از محققین گفتہ اند امام شخصی است کہ
حاکم باشد بر خلق از جانب خدا بواسطہ آدمی
در امور دین و دنیاے آنہا مثل پیغمبر الا
آنکہ پیغمبر از جانب خدا بیواسطہ آدمی نقل
می کند و امام بواسطہ آدمی کہ آن پیغمبر
است۔
مولف گوید این تعریف نیز مشکل است زیراکہ
بسیاری از پیغمبران غیر اولو العزم تابع
انبیاء اولو العزم بودہ اند و بشریعت ایشان
عمل می نمودند و بخلق میرسانیدند۔ و
احادیث بسیار خواہد آمد کہ ائمہ اطہار ما
صلوات اللہ علیہم اجمعین بتوسط ملائکہ
و روح القدس استفادہ علوم از
خداوند حی قیوم می نمودہ اند و فرقی

معتبر حدیثون سے جو اس کے بعد مذکور ہونگی
معلوم ہوتا ہے کہ مرتبہ امامت رتبہ پیغمبری سے
بڑھا ہوا ہے چنانچہ حق تعالیٰ نے بعد نبوت کے
حضرت ابراہیم کو خطاب فرمایا ہے کہ مین تم کو
لوگون کا امام گردانتا ہون۔
بعضی محققین نے کہا ہے امام وہ شخص ہے جو
مثل پیغمبر جانب حق تعالیٰ سے آدمی کے واسطہ
سے امور دین و دنیا مین خلق پر حاکم ہوے مگر
یہ کہ پیغمبر خدا کی طرف سے بغیر آدمی کے واسطہ
کے بیان کرتا ہے اور امام آدمی کے واسطے سے
نقل کرتا ہے جو پیغمبر ہے۔
موٗلف یعنے علامہ مجلسیؒ فرماتے ہین کہ یہ تعریف
بھی مشکل ہے کیونکہ بہت سے پیغمبر سوائے اولو العزم
انبیا کے ہوئے ہین جو اولو العزم انبیا کی تابع
تھے اور انکی شریعت پر عمل کرتے تھے اور
لوگون کو پہنچاتے تھے اور بہت سی حدیثین
آئینگی کہ ہمارے ائمہ اطہار صلوات اللہ علیہم
اجمعین بواسطہ ملائکہ و روح القدس استفادہ
علوم خداوند حی قیوم سے کرتے رہے ہین اور

چند در احادیث میان نبی و امام مذکور است کہ
بعد ازین انشاء اللہ بیان خواہد شد۔
و حق اینست کہ در کمالات و شرائط و صفات
فرقی میان پیغمبر و امام نیست بغیر آنچہ در
اخبار ذکر خواہد شد و از برائے تعظیم حضرت
رسالت پناہ و آنکہ آنجناب خاتم الانبیاء
باشد منع اطلاق اسم نبی و آنچہ
مرادف آنست بر آنحضرت کردہ اند و شیخ
مفید در کتاب مسائل باین قایل
شدہ و نسبت بفرقۂ ناجیہ امامیہ دادہ
است و ظاہر است کہ در امم سابقہ بعد از
وفات پیغمبری از انبیاء صاحب شریعت
تا مبعوث گردیدن صاحب شریعت دیگر
پیغمبران بسیار بودند کہ اوصیاء پیغمبر
سابق و حافظ ملت و شریعت او بودند
لہذا روایت شدہ است از حضرت رسول
کہ علماء امت مانند پیغمبران بنی اسرائیل
اند و تفسیر علماء در بعضی از روایات بائمہ
شدہ است و معلوم است کہ ہر فائدہ کہ بر

چند فرق درمیان نبی اور امام کے حدیثون مین
مذکور ہے جو اسکے بعد انشاء اللہ بیان ہوگا۔
اور حق یہ ہے کہ کمالات و شرائط صفات مین
کوئی فرق درمیان نبی و امام کے نہین ہے بغیر
اُسکے جو حدیثون مین ذکر ہوگا اور تعظیم حضرت
رسالت پناہ کیلئے اور اسواسطے کہ آنجناب
آخر سب نبیون کے ہین حضرات ائمہ علیہم السلام
کو نبی اور اُسکے ہم معنی لفظون کا کہنا منع ہے
اور شیخ مفید نے کتاب مسائل مین اسکے قایل
ہوئے ہین اور اسکی نسبت فرقۂ امامیہ کیطرف
دی ہے اور ظاہر ہے کہ اگلی امتون مین بعد وفات
کسی پیغمبر کے انبیائے صاحب شریعت سے
دوسرے صاحب شریعت نبی کے مبعوث ہونے
تک بہت سے پیغمبر تھے جو پہلے پیغمبر کے اوصیا
اور اسکے دین اور اسکی شریعت کے نگہبان
تھے لہذا حضرت رسول سے مروی ہے کہ علما
امت پیغمبران بنی اسرائیل کے مانند ہین اور
بعضی روایتون مین علما کی تفسیر ائمہ علیہم السلام
سے ہوئی ہے اور معلوم ہے کہ جو فائدہ وجود

وجود رسول و نبی مرتب است بر وجود
امام مرتب است از دفع فساد و حفظ شریعت
و منع مردم از ظلم و جور و معاصی انتہیٰ

ایضاً فیه ص ۳۸

پس ہر گاہ تقسیم معیشت دنیا کہ ادنا
نعم است و عطائے نبوت را کہ نظیر
امامت است باختیار بندگان نگذارد
و بلکہ بارادہ و اختیار خود مقرر دارد و بالضرور
نص و نصب تعیین امام را کہ فی الحقیقت
نبوتی است بجنسہ یعنی البتہ باختیار امت نخواہد بود

ایضاً شرح تجرید علامہ ص ۲۰۲

قال الامام لطف فیجب
نصبه علی الله تعالی تحصیلا
للغرض

اقول المسئلة الاولی فی ان
نصب الامام واجب علی الله تعالی
وقال ابو الحسین البصری والبغدا
دیون والامامیة انه واجب عقلا
ثم اختلفوا فقالت الامامیة

رسول و نبی سے حاصل ہوتا ہے وہی وجود امام
سے حاصل ہے جیسا دفع فساد و حفظ شریعت
اور لوگوں کا ظلم و جور اور گناہوں سے روکنا انتہی

اور بھی اسی میں ہے ص ۳۸

پس جبکہ دنیا کی روزی کا تقسیم کرنا جو ادنی
درجہ کی نعمت ہے اور عطائے نبوت کو مانند
امامت ہے بندوں کے اختیار پر نہ چھوڑے بلکہ
اپنے ارادہ اور اختیار پر مقرر رکھے تو ضرور ہے
کہ دلیل تعیین امام جو حقیقةً بجنسہا مثل ایک
نبوت ہے البتہ امت کے اختیار پر نہ رہیگی۔

اور بھی شرح تجرید علامہ میں ہے

خواجہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں امام لطف ہی پس
اُسکا معین کرنا واسطے تحصیل غرض کے خدائے
تعالی پر واجب ہے۔

علامہ اعلی اللہ مقامہ فرماتے ہیں پہلا مسئلہ
اسمیں ہے کہ امام کا معین کرنا خدا تعالی پر واجب ہے
اور ابو الحسین بصری اور اہل بغداد اور امامیہ
اسکے قائل ہیں کہ نصب امام عقلاً واجب ہے پھر
اختلاف کیا ہے پس امامیہ کہتے ہیں کہ امام کا

ان نصبہ واجب علی اللہ تعالی انتہی ملخصاً
ایضاً شرح باب حادی عشر
واعلم ان کل ما دل علی وجوب
النبوۃ فھو دال علی وجوب الامامۃ
والامامۃ خلافۃ عن النبوۃ قائمۃ
مقامھا الا فی تلقی الوحی الالٰھی
بلا واسطۃ وکما ان تلک واجبۃ
علی اللہ تعالیٰ فی الحکمۃ فکذا
ھذہ انتہیٰ

معین کرنا خدا پر واجب ہے انتہی ملخصاً
اور بھی شرح باب حادی عشر مین ہے
اور آگاہ ہو تحقیق جو کچھ وجوب نبوت کی
دلیل ہو وہی وجوب امامت پر دال ہے اور
امامت نبوت کی نیابت اور قائم مقام ہے
مگر وحی الٰہی کے بلا واسطہ ملنے مین یعنے نبی پر
وحی ہوتی ہے اور امام پر وحی نہین ہوتی ہے
اور جیسے بنا بر حکمت کے نبوت کا قرار دینا خدا
پر واجب ہے اسیطرح امامت معین کرنا بھی ہے

عدد ائمہ علیہم السّلام و نصّ امامت

عدد ائمہ علیہم السّلام اور نصّ امامت

رسالۂ اعتقادات باب الاعتقاد فی
عدد الانبیاء والاوصیاء
اعتقادنا ان حجج اللہ علی خلقہ
بعد نبیہ محمد الائمۃ الاثنا
عشر اولھم امیر المؤمنین علی بن
ابیطالب ثم الحسن ثم الحسین ثم

رسالۂ اعتقادات باب اعتقاد عدد انبیا
و اوصیا علیہم السّلام مین ہے
ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ حجتہای خدا خلق پر اُس
کے نبی حضرت محمدؐ کے بعد بارہ امام علیہم السلام
ہین اوّل امیر المؤمنین علیؑ بن ابیطالب
دوم امام حسنؑ سوم امام حسینؑ چہارم امام

علیؑ بن الحسین ثم محمد بن
علیؑ ثم جعفر بن محمد ثم
موسیٰ بن جعفر ثم علیؑ بن
موسیٰ الرضا ثم محمد بن
علیؑ ثم علیؑ بن محمد ثم الحسن
بن علیؑ ثم محمد بن الحسن الحجة
القائم بامر اللہ صاحب الزمان و
خلیفة الرحمن فی ارضه الحاضر
فی الامصار الغائب عن الابصار صلوات
اللہ علیہم اجمعین

ایضاً منہاج النجاة ف ۳۸

قد تواتر لنا عن نبینا صلی اللہ
علیه و آله و سلم ان حجج اللہ تعالی
علی خلقه بعده الائمة الاثنا عشر
صلوات اللہ و سلامہ علیہم جمیعاً و بعد
از تصریح اسماء ائمہ نیز فرمودہ قال النبیؐ
اثنی عشر من اهل بیتی اعطاهم اللہ
تعالی فهمی و علمی و حکمتی و خلقهم
من طینتی فویل للمتکبرین علیهم من بعدی

زین العابدین علی بن الحسین پنجم امام محمد باقر
چھٹے امام جعفر صادق ساتوین امام موسیٰ
کاظم آٹھوین امام علی رضا نوین امام محمد تقی
دسوین امام علی نقی گیارہوین امام حسن
عسکری بارہوین امام محمد بن حسن علیہم السلام
حجت اور قائم بامر خدا صاحب الزمان اور
خلیفہ خدا اُسکی زمین مین ہین ہر ایک بستی مین
حاضر و موجود ہین نظرون سے غائب ہین
صلوات اللہ علیہم اجمعین

اور بھی منہاج النجاة مین ہے ف ۳۸

تحقیق ہمارے لئے تواتر حاصل ہے اس خبر نبی
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کہ بتحقیق حجتہائے
خدایتعالی بعد نبی ائمہ اثنا عشر علیہم الصلوات
والسلام ہین اور بعد تصریح اسماء ائمہ کے
بھی فرمایا ہے آنحضرت نے فرمایا بارہ آدمی
میرے اہلبیت مین ہین جنکو خدا نے میری
سمجھ اور میرا علم اور میری حکمت عطا کی ہے
اور میری طینت سے اُنھین خلق کیا ہے پس
عذاب ہے اُن لوگون کیلئے جو میرے بعد اُن

والقاطعين فيهم صلتي ما لهم لا انا لهم الله شفاعتي

وقال ايضاً بعدي اثنا عشر اولهم انت يا عليؑ واخرهم القائم الذي يفتح الله على يديه مشارق الارض ومغاربها وقد استفاض امثال ذالك من الروايات في كتب العامة ايضاً وقد نص كل منهم صلوات الله عليهم على لاحقه بل لاحقيه بالامامة والخلافة والعصمة واخبر اصحابه باسمه ونعته انتهى

ايضاً من لايحضره الفقيه كتاب الوصية وقد وردت الاخبار الصحيحة بالاسانيد القوية ان رسول الله صلى الله عليه وآله اوصى بامر الله تعالى ذكره الى علي بن ابيطالبؑ واوصى علي الى الحسنؑ واوصى الحسنؑ الى الحسينؑ واوصى الحسين الى علي بن الحسينؑ

پر تکبر کرین اور میرے صلہ کو اُنکے بارہ مین قطع کر ڈالین میری شفاعت اُن لوگون تک نہ پہونچیگی۔

اور بھی فرمایا ہے میرے بعد بارہ ہین کہ اُنکا اول یا علیؑ تو ہے اور اُنکا آخر وہ قائم ہے جسکے ہاتھ پر خدا مشرق ومغرب زمین کو فتح کریگا اور اہل سنت کی کتابون مین بھی ایسی روایات حد استفاضہ کو پہونچی ہین۔

اور بھی بتحقیق اُن مین سے ہر ایک نے اپنے لاحق بلکہ لاحقین کیلئے امامت وخلافت وعصمت پر نص کیا ہے اور اپنے صحابہ کو اُسکے نام اور صفت کی خبر دی ہے۔

اور بھی من لایحضرہ الفقیہ کتاب الوصیۃ مین ہے اور بتحقیق احادیث صحیحہ باسانید قویہ وارد ہین بدرستیکہ حضرت رسول اللہؐ نے بحکم خدائے تعالیٰ علی بن ابیطالبؑ کو وصی کیا اور حضرت علیؑ نے امام حسنؑ کو وصیت کی اور اُنھون نے امام حسینؑ کو وصی فرمایا اور آپ نے امام زین العابدینؑ کو وصی بنایا اور آنجناب نے

واوصی علی بن الحسین الی محمد
بن علی الباقر واوصی محمد بن علی
الباقر الی جعفر بن محمد الصادق
واوصی جعفر بن محمد الصادق
الی موسی بن جعفر الکاظم واوصی
موسی بن جعفر الی ابنه علی بن
موسی الرضا واوصی علی بن موسی
الرضا الی ابنه محمد بن علی الجواد
واوصی محمد بن علی الی ابنه علی بن محمد
واوصی علی بن محمد الی ابنه الحسن بن
علی واوصی الحسن بن علی الی ابنه
حجة اللہ القائم بالحق الذی لو لم یبق
من الدنیا الا یوم واحد لطول اللہ
ذالک الیوم حتی یخرج فیملاءها عدلا وقسطا
کما ملئت جورا وظلما صلوات اللہ علیہ وعلی
اٰبائہ الطاہرین

ایضاً فیہ

عن الصادق جعفر بن محمد عن ابیہ عن
جدہ علیہم السلام قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ واٰلہ الائمۃ بعدی اثنا عشر

امام محمد باقرؑ کو جانشین گردانا اور آنحضرتؑ
نے امام جعفر صادقؑ کو اپنا ولیعہد قرار دیا
اور اُس بزرگوار نے امام موسیٰ کاظمؑ کو اپنا
خلیفہ بنایا اور حضور نے امام علی رضاؑ کو وصیت
فرمائی اور آپنے امام محمد تقیؑ کو وصی کیا اور
انھوں نے امام علی نقیؑ کو اپنا ولیعہد کیا
اور آپنے امام حسن عسکریؑ کو اپنا جانشین
بنایا اور امام حسنؑ نے اپنے فرزند حضرت
حجت اللہ قائم بحق کو وصی فرمایا جنکا یہ وصف
ہے کہ اگر دنیا کا ایک ہی دن باقی رہجائے
تو ضرور اُس دن کو خدا طولانی کریگا تاکہ آپ
ظہور کریں اور زمین کو عدل و انصاف سے
بھر دیں جیسا کہ ظلم و جور سے بھر گئی ہے آپ
پر اور آپکے آبا طاہرین پر صلوات خدا نازل ہووے

اور بھی اُسی میں ہے

حضرت امام جعفر صادقؑ نے اپنے پدر بزرگوار
اور جد نامدار علیہم السلام سے روایت کی ہے
کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا میرے
بعد امام بارہ ہیں جنکے اول علی بن ابیطالبؑ

اولهم علی بن ابی طالب وآخرهم
القائم فهم خلفائی واوصیائی
واولیائی وحجج الله علی امتی بعدی
المقر بهم مومن والمنکر لهم
کافر

وقال رسول الله صلی الله علیه
وآله ان الله تعالی مائة الف
نبی واربعة وعشرون الف نبی
وانا سیدهم وافضلهم واکرمهم
علی الله عزوجل ولکل نبی وصی
اوصی الیه بامر الله تعالی ذکره وان
وصیی علی بن ابیطالب سیدهم و
افضلهم واکرمهم علی الله عزوجل

ایضاً فیه

عن ابی جعفر عن جابر بن عبد الله
الانصاری قال دخلت علی فاطمہ
وبین یدیها لوح فیه اسماء الاوصیاء
من ولدها فعددت اثنی عشر
احدهم القائم ثلثة منهم

ہین اور اُنکے آخری قائم ہین پس یہی میرے
خلفا اور اوصیا اور جانشین اور حجتہای خدا
میری امت پر میرے بعد ہین ان کا اقرار
کرنیوالا مومن ہے اور ان سے انکار رکھنے
والا کافر ہے۔

اور بھی حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ
نے فرمایا ہے تحقیق خدائے تعالے کے یک لاکھ
چوبیس ہزار نبی ہین اور ہین ان سب کا سردار
اور افضل وگرامی تر پیش خدا ہون اور ہر نبی
کا ایک وصی ہے جسکو اُس نے بحکم خدا وصی کیا
ہے اور بتحقیق میرا وصی علی بن ابیطالب
سردار وافضل وبزرگتر ان سب کا پیش
خدائے عزوجل ہے

اور بھی اُسی مین ہے

امام محمد باقر نے جابر بن عبد اللہ انصاری سے
روایت کی ہے کہ مین حضرت فاطمہ کے پاس
گیا اور اُنکے سامنے ایک لوح تھی جسمین اُن
کی اولاد کے اوصیا کے نام لکھے تھے پس
مین نے گنا تو بارہ تھے ایک اُن مین حضرت

محمد واربعة منهم علی علیهم
السلام وقد اخرجت الاخبار المسندة
الصحیحة فی هذا المعنی فی کتاب
کمال الدین وتمام النعمة فی اثبات
الغیبة وکشف الحیرة انتهی

ایضاً بحار جلد نهم ف ۱۲

عن ابی عبدالله الصادق قال ان
الله عزوجل انزل علی نبیه کتابا
قبل ان یاتیه الموت فقال یا
محمد هذا الکتاب وصیتك
الی النجیب من اهل بیتك فقال
وما النجیب من اهلی یا جبرئیل
فقال علی بن ابی طالب وکان علی
الکتاب خواتیم من ذهب فدفعه
النبی الی علی وامره ان یفك خاتما
منها ویعمل بما فیه ففك خاتما
وعمل بما فیه ثم دفعه الی ابنه
الحسن ففك خاتما وعمل بما
فیه ثم دفعه الی الحسین

قائم ہین اُن مین تین محمد اور چار علی علیہم
السلام تھے اور مین نے اس بارہ مین بہت
سی مسند اور صحیح حدیثین کتاب کمال الدین و
تمام النعمہ مین جو اثبات غیبت وکشف حیرت
کے بیان مین ہے لکھی ہین انتہی

اور بھی بحار جلد نہم مین ہے ف ۱۲

حضرت ابی عبداللہ جعفر صادق سے مروی ہے
تحقیق حق تعالی نے اپنے نبی پر اُنکی وفات
سے پہلے ایک کتاب نازل کی اور فرمایا کہ اے
محمد یہ کتاب تمہاری اہلبیت کے نجیب کیطرف
تمہاری وصیت ہے حضرت نے عرض کی میرے
اہلبیت مین کون نجیب ہے فرمایا علی بن ابی
طالب اور اُس کتاب پر سونے کی مہرین
تھین پس آپنے حضرت علی کو دی اور حکم دیا
کہ اُس کی ایک مہر اُٹھائین اور جو اُس مین لکھا
ہوئے اُس پر عمل کرین پس حضرت امیر نے ایک
مہر اُٹھائی اور جو اُس مین تھا عمل کیا پھر اُس
کتاب کو امام حسن کو دیا اُنھون نے ایک
مہر کھولی اور جو اُس مین تھا عمل کیا پھر اوسی

ففك خاتما فوجد فيه ان يخرج
بقوم الى الشهادة فلا شهادة لهم
الا معك واشر نفسك لله عزوجل
ثم دفعه الى علىّ بن الحسين
فوجد فيه اصمت والزم منزلك
واعبد ربك حتى يأتيك اليقين
ففعل ثم دفعه الى محمد
بن على ففك خاتما فوجد فيه
حدث الناس وافتهم ولا تخافن
الا الله فانه لا سبيل لاحد
عليك ثم دفعه الى ففككت خاتما
فوجدت فيه حدث الناس و
افتهم وانشر علوم اهل بيتك و
صدق اباءك الصالحين ولا
تخافن احدا الا الله وانت فى
حرز وامان ففعلت ثم ادفعه
الى موسى ابن جعفر وكذلك يدفعه
موسى الى الذى من بعده
ثم كذلك ابدا الى قيام

امام حسین کے سپرد کیا آپ نے ایک مہر کو اٹھایا
تو اُس مین پایا کہ ایک گروہ کے ساتھ شہادت
کی طرف جا کیونکہ بجز تیری ہمراہی کے اُن کو
درجہ شہادت نہین مل سکتا ہے اور اپنی
جان خدائے عزوجل کیلیے بیچ ڈال پھر آپ
نے اُسے امام زین العابدین کو دیا تو آپنے
اُس مین پایا کہ تو چپ رہ اور گھر مین بیٹھ جا
اور عبادت خدا کر یہانتک کہ تیری موت آجائے
پھر آپ نے اُسے امام محمد باقر کو دیا اُنھون
نے ایک مہر اُٹھائی تو پایا کہ لوگون سے حدیث
بیان کر اور فتوی دے اور خدا کے سوا کسی
سے نہ ڈر کیونکہ تجھ پر کسی کیلیے راہ نہین ہے
پھر آپ نے اُسے مجھ کو دیا پس مین نے ایک
مہر کھولی تو اُس مین پایا آدمیون کو حدیث
سکھا اور فتوی دے اور اپنے اہلبیت کے
علمون کو پھیلا اور اپنے آبا رصالحین کی تصدیق
کر اور خدا کے سوا کسی سے خوف نہ کر تو پناہ
و امان مین ہے پس مین نے کیا پھر وہ کتاب
امام موسیٰ کاظم کو دونگا اور اسیطرح وہ

الغضائری عن الصدوق عن
بن الولید مثله انتهی
ایضاً حدیقهٔ سلطانیه ص ۲۶۳
فصل اول در بیان نصوصی است که
اثبات انحصار امامت وخلافت در عدد
خاص دوازده از ان ایشان بشود و
ان نزد امامیه از متواترات واضحه جلیه
است که مخالف وموالف باسانید متعدده
در کتب معتمده خود آنرا روایت کرده اند
وشیخ جلیل سعید علی بن محمد بن علی
خزاز قمی علیه الرحمه در کتاب خود که مسمی
است بکفایة الاثر فی النصوص
علی الائمة الاثنی عشر واز بخصوص
بنا بر جمع نصوص مجمله ومفصله بر امامت
ائمه اثنا عشر علیهم التحیات الزاکیات
تالیف نموده از اصحاب معروفین

اپنے بعد والے کو دینگے پھر ایسا ہی ہمیشہ تا
قیام مہدی علیہ وعلی آبائہ الصلوات والسلام
ہوگا
اور غضایری نے صدوق سے انھون نے
ابن ولید سے اسیطرح روایت کی ہے۔
اور بھی حدیقہ سلطانیہ مین ہے ص ۲۶۳
پہلی فصل اُن حدیثون کے بیان مین ہے
جن سے امامت وخلافت کے منحصر ہونے کا
ثبوت خاص بارہ کے عدد مین واضح ہوتا
ہے اور وہ فرقہ امامیہ کے نزدیک متواترات
واضحہ جلیہ سے ہے کیونکہ سنی وشیعو نے
متعدد سندون سے اپنی معتمد کتابون مین
اُسکی روایت کی ہے اور شیخ جلیل سعید علی بن
محمد بن علی خزاز قمی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب مسمے
بکفایۃ الاثر فی النصوص علی
الائمۃ الاثنی عشر مین جسے خاص
واسطے جمع کرنے نصوص مجملہ ومفصلہ کے جو
امامت ائمہ اثنا عشر علیہم التحیات الزاکیات
پر وارد ہین تالیف کیا ہے لکھا ہے اور

مثل عبد الله بن عباس و عبد الله بن
مسعود و ابی سعید خدری و ابی ذر
غفاری و سلمان فارسی و جابر بن سمره و جابر
بن عبد الله انصاری و انس بن مالک و ابی هریره
و عمر بن الخطاب و زید بن ثابت و زید بن
ارقم و ابی امامه و واثله بن الاسقع و عمار بن
یاسر و حذیفه بن اسید و عمران بن الحصین
و سعد بن مالک و حذیفه بن الیمان و
ابی قتادة الانصاری و علی بن ابیطالب
و از هر دو فرزندانش سرور جوانان
اہل بهشت امام حسن و امام حسین و از
زنان صحابیات از ام سلمه و از عایشه بنت
ابی بکر و از حضرت فاطمه سیدهٔ زنان
عالمیان صلوات الله علیها خصوص
اثنی عشر خلیفة او اثنی عشر
امیرا بعدة نقباء بنی اسرائیل
از هر واحد ازین صحابه باسانید مستفیضه
روایت نموده و در سایر کتب شیعه ازین
قبیل روایات بیشمار است و در کتب

اصحاب مشہور مثل عبد اللہ بن عباس و عبد اللہ
بن مسعود و ابو سعید خدری و ابو ذر
غفاری و سلمان فارسی و جابر بن سمرہ و جابر
بن عبد اللہ انصاری و انس بن مالک و
ابو ہریرہ و عمر بن خطاب و زید بن ثابت
و زید بن ارقم و ابو امامہ و واثلہ بن اسقع
و عمار بن یاسر و حذیفہ بن اسید و عمران بن
حصین و سعد بن مالک و حذیفہ بن یمان
و ابو قتادہ انصاری و علی بن ابیطالب
سے اور آپکے دونوں فرزند سردار جوانان
اہل بہشت امام حسن و امام حسین علیہما
السلام سے اور صحابیات عورتوں سے جیسے
ام سلمہ و عایشہ بنت ابی بکر سے اور حضرت
فاطمہ سیدہ زنان عالمیان صلوات اللہ علیہا
سے بہت سی حدیثیں بارہ خلیفہ یا بارہ
امیر کی موافق عدد سرداران بنی اسرائیل
کے ہر ایک سے ان صحابہ سے باسانید مستفیضہ
روایت کی ہے اور شیعہ کی کتابوں میں اس
قسم کی روایات بیشمار ہیں اور اہل سنت

معتبرہ اہلسنت وصحاح شان ہم بسیار است انتہی
ایضاً شرح تجرید علامہ ص ۲۰۶
المسئلة الخامسة فی ان الامام بعد
النبیؐ بلافصل علیؑ بن ابیطالب،
قال وهما مختصان بعلی علیه
السلام
اقول العصمة والنص
مختصان بعلیؑ

ایضاً فیه

قال والنص الجلی فی قوله سلموا
علیه بامرة المؤمنین وانت
الخلیفة بعدی وغیرها ولقوله
تعالی انما ولیکم الله ورسوله
وانما اجتمعت الاوصاف فی
علیؑ ولحدیث الغدیر المتواتر
ولحدیث المنزلة المتواتر
ولاستخلافه علی المدینة
فیعم للاجماع ولقوله

کی معتبر اور صحیح کتب مین بھی بہت ہین انتہی
اور بھی شرح تجرید علامہ مین ہے ص ۲۰۶
پانچوان مسئلہ اسمین ہے، کہ بعد نبیؐ کے امام
بلافصل علی بن ابیطالبؑ، ہین
محقق طوسیؒ فرماتے ہین وہ، دونون علیؑ
کے ساتھ مخصوص ہین
علامہ علیہ الرحمہ فرماتے ہین معصومیت اور
منصوص ہونا دونون حضرت علیؑ کیلیے
خاص ہے۔

اور بھی اسی مین ہے

محقق علیہ الرحمہ فرماتے ہین اور نص جلی
قول آنحضرت مین یہ ہے علیؑ پر مؤمنین
کی امیری کا سلام کرو اور تو یا علیؑ میرے
بعد خلیفہ ہے اور اس کے سوا بھی ہے اور
بوجہ قول خدائے تعالیٰ انما ولیکم الله
ورسوله الآیہ کے اور تحقیق اوصاف
مذکورہ آیت حضرت علیؑ ہی مین مجتمع ہین
اور بوجہ حدیث غدیر متواتر اور حدیث
منزلت متواتر کے اور بہ سبب حضرت پیغمبر

انت اخی و وصی و خلیفتی
من بعدی و قاضی دینی
بکسر الدال ولانہ افضل
وامامۃ المفضول قبیحۃ
عقلاً و لظہور المعجزۃ علی
یدیہ کقلع باب خیبر
ومخاطبۃ الثعبان و رفع
الصخرۃ العظیمۃ عن القلیب
ومحاربۃ الجن ورد الشمس
وغیر ذالک. وادعی الامامۃ
فیکون صادقا ولسبق کفر
غیرہ فلا یصلح للامامۃ
فتعین ھو ولقولہ تعالی
وکونوا مع الصادقین و
لقولہ تعالی واولی
الامر منکم ولان الجماعۃ
غیر علی غیر صالح للامامۃ
لظلمھم ولتقدم کفرھم
انتہی

کہ مدینہ پر اُن کو خلیفہ بنا گئے پس بوجہ
اجماع کے عام خلافت ہے اور یہ بھی آنحضرت
نے فرمایا ہے کہ تم میرے بھائی اور وصی
اور خلیفہ میرے بعد ہو اور میرے دین
کے قاضی ہو اور اس لئے کہ جناب امیر افضل
ہیں اور امامت مفضول عقلاً قبیح ہے
اور بوجہ ظاہر ہونے معجزہ کے دست مبارک
پر جیسے در خیبر کا اُکھاڑنا اور اژدہے سے
بات کرنی اور بڑے بھاری پتھر کا کنوئیں
سے پھینکدینا اور جنوں سے لڑنا اور سورج
کا واپس لانا وغیرہ وغیرہ اور آپ نے
امامت کا دعوی کیا پس بوجہ ظہور معجزات
صادق ہیں اور بوجہ اس کے کہ اور لوگ
پہلے کافر تھے اور پھر اسلام لائے پس
لایق امامت نہیں ہیں تو پس آپ معین
ہیں اور بوجہ قول خدائے تعالی کے یعنے
تم صادقین کے ساتھ ہو جاؤ اور اس لئے
کہ خدا نے فرمایا ہے اور اولو الامر تم میں سے
ہیں اور جو لوگ سوا علی کے ہیں وہ بوجہ

ایضاً فیه ص ۲۱۴

قال و علی افضل لکثرة جهاده و عظم بلائه فی وقایع النبی باجمعها و لم یبلغ احد درجته فی غزاة بدر و احد و یوم الاحزاب و خیبر و حنین و غیرها و لانه اعلم لقوة حدسه و شدة ملازمته للرسول و کثرة استفادته عنه و رجعت الصحابة الیه فی اکثر الوقایع بعد غلطهم و قال النبی اقضاکم علی و اسند الفضلاء فی جمیع العلوم الیه و اخبر هو علیه السلام بذلك و لقوله و انفسنا و لکثرة سخائه علی غیره و کان ازهد الناس بعد النبی و

اپنے ظلم اور سابق الکفر ہونے کے امامت اُمت کی صلاحیت نہین رکھتے ہین

اور بھی اُسی مین ہے ص ۲۱۴

محقق طوسی علیہ الرحمہ فرماتے ہین حضرت علیؑ افضل ہین بوجہ کثرت جہاد و بزرگی بلا کے کل واقعات حضرت پیغمبر مین اور کوئی شخص آپکے درجہ پر بدر و احد و خندق و خیبر و حنین وغیرہ کی لڑائیون مین نہین پہونچا اور بوجہ اس کے کہ آپ عالمتر ہین بسبب قوت عقل اور شدت ملازمت رسول اور زیادتی استفادہ کے آنحضرت سے اور اکثر واقعات مین بعد غلطی کرنے کے صحابہ نے آپ کی طرف رجوع کی اور نبیؐ نے فرمایا تم مین سب سے بڑے قاضی علیؑ ہین اور علما نے جمیع علوم مین آپ کی طرف اسناد کیا ہے اور آنحضرت نے اسکی خبر دی ہے یعنے حدیث مدینة العلم مین اور بوجہ قول خدا وانفسنا کے اور بسبب کثرت سخاوت کے غیر پر اور آپ بعد نبیؐ سب سے

اعبدهم واحلمهم واشرفهم
خلقا واقدمهم ایمانا و
افصحهم لسانا واشدهم رایا
واکثرهم حرصا علی اقامة
حدود الله واحفظهم لکتاب
العزیز ولاخباره بالغیب
واستجابة دعائه وظهور
المعجزات عنه واختصاصه
بالقرابة والاخوة ووجوب
المحبة ومساواة الانبیاء
وخبر الطائر والمنزلة
والغدیر وغیرها ولانتفاء
سبق کفره ولکثرة الانتفاع
به وتمیزه بالکمالات النفسانیة
والبدنیة والخارجیة

ایضا فیه

المسئلة الثامنة فی امامة
باقی الائمة قال والنقل المتواتر
دل علی الاحد عشر و

زاہد تر اور عابد تر اور حلیم تر اور شریف تر
از روئے خلق کے اور قدیم تر از روئے
ایمان کے اور فصیح تر از روئے زبان کے
اور سخت تر از روئے رائے کے اور سب
سے حریص تر حدود خدا کے قائم کرنے مین
اور سب سے زیادہ نگہبان کتاب خدا کے
اور بوجہ غیبی خبرون کے دینے اور اُن کی
دعا کے قبول ہونے اور معجزات کے ظاہر
ہونے اور قرابت و برادری نبی کے ساتھ
خاص ہونے اور وجوب محبت اور مساوات
انبیا و حدیث طایر و منزلت و غدیر وغیرہ
کے اور بوجہ اس کے کہ آپ پہلے کافر نہ
تھے اور بوجہ کثیر نفع حاصل ہونے کے آپ
سے اور کمالات روحانی و جسمانی وغیرہ کے
ساتھ ممتاز ہونے سے تھے۔

اور بھی اُسی مین ہے

آٹھوان مسئلہ امامت مین باقی ائمہ کی ہے
محقق طوسی علیہ الرحمہ فرماتے ہین حدیث
متواتر گیارہ اماموں کی امامت پر دلالت

لوجوب العصمة وانتفائها
عن غيرهم ووجود الكمالات
فيهم انتهى

وعلامہ اعلى اللہ مقامہ در شرح این عبارت
بعد ذکر اسماء یازدہ امام علیہم السلام
می فرماید

واستدل على ذالك بوجوه ثلاثة
الاول النقل المتواتر من الشيعة
خلفا عن سلف فانه يدل على
امامة كل واحد من هؤلاء
بالتنصيص وقد نقل المخالفون
ذالك من طرق متعددة تارة
على الاجمال واخرى على التفصيل
كما روى عنه متواترا انه قال للحسين
هذا ابنى امام ابن امام اخو امام
ابو ائمة تسعة تاسعهم قائمهم
وغير ذالك من الاخبار انتهى

ايضا ارشاد شيخ مفيد عليه الرحمه ط
اول ائمة المومنين وولاة المسلمين

کرتی ہے اور بوجہ واجب ہونے اُنکی عصمت
کے اور اُسکا نہونا اُنکے غیر مین اور کمالات
کا اُن مین پایا جانا۔

علامہ اعلی اللہ مقامہ بعد ذکر اسماء یازدہ
امام علیہم السلام اس عبارت کی شرح مین
فرماتے ہین

ان بزرگوارون کی امامت پر تین وجہون سے
دلیل پیش کی ہے اول حدیث متواتر از طریق
شیعہ سے خلفاً عن سلف کیونکہ وہ ان مین
سے ہر ایک کی امامت منصوصہ پر دلالت کرتی
ہے اور مخالفین نے اُس کو بہت طریق سے
نقل کیا ہے کبھی بطور اجمال اور کبھی مفصل
جیسا کہ آنحضرت سے مروی ہے کہ امام حسین
کو فرمایا یہ میرا فرزند امام ہے امام کا بیٹا
ہے امام کا بھائی ہے نو اماموں کا باپ ہے
اُن کا نوان امام قائم ہے اس کے سوا
بہت حدیثین ہین انتہے

اور بھی ارشاد شیخ مفید علیہ الرحمہ مین ہی ط
مومنین کے اماموں اور مسلمانونکے حاکمون

وخلفاء الله تعالى فی الدین بعد
رسول الله الصادق الامین محمد بن
عبد الله خاتم النبیین صلوات الله
علیہ و آلہ الطاہرین اخوہ و ابن عمہ
و وزیرہ علی امرہ و صہرہ علی
ابنتہ فاطمۃ البتول سیدۃ نساء
العالمین امیر المومنین علی بن ابیطالب
بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف
سید الوصیین علیہ افضل الصلوات والسلام

ایضاً شرح باب حادی عشر

قال الامام بعد رسول الله علی بن ابی
طالب للنص المتواتر من النبی

و فاضل مقداد اعلی اللہ مقامہ در
شرح این عبارت بعد نقل اختلاف
مسلمین در امام می فرماید

وقالت الشیعۃ ہو علی بن ابیطالب
بالنص علیہ من الله و رسولہ و
ذالک ہو الحق وقد استدل
المصنف علی حقیتہ بوجوہ

اور دین میں نائبان خدا کے اول اور پہلے
بعد رسول صادق امین محمد بن عبد اللہ
خاتم النبیین صلوات اللہ علیہ و علی آلہ
الطاہرین کے اُن کے بھائی اور ابن عم
اور وزیر امر نبی اور داماد و شوہر اُنکی بیٹی
فاطمہ بتول سیدہ زنان عالمیان کی امیر المومنین
علی بن ابیطالب بن عبد المطلب بن ہاشم
بن عبد مناف سید اوصیا علیہ افضل الصلوات
والسلام ہیں انتہی

اور بھی شرح باب حادی عشر میں ہے
علامہ فرماتے ہیں بوجہ نص متواتر نبی کے بعد
حضرت رسول امام علی بن ابیطالب ہیں
اور فاضل مقداد اس عبارت کی شرح میں
دربارہ امام مسلمانوں کا اختلاف بیان
کرکے فرماتے ہیں

اور شیعہ قایل ہیں کہ امام حضرت علی بن
ابیطالب ہیں بوجہ نص خدا و رسول خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ کے اور یہی حق ہے اور
مصنف نے کئی وجہ سے اس پر استدلال کیا

الاول ما نقلته الشیعه نقلا
متواترا بحیث افاد العلم یقینا
من قول النبیؐ فی حقه سلموا علیه
بامرۃ المومنین وانت الخلیفة
من بعدی وغیر ذالك من
الالفاظ الدالة علی المقصود
فیکون هو الامام و ذالك هو
المطلوب

ہے اول وہ ہے جو شیعوں نے بنقل متواتر بیان
کیا ہے اس حیثیت سے کہ یقیناً قول نبیؐ
کا علم اُنکے حق مین حاصل ہے وہ یہ ہے کہ
علیؑ پر مؤمنین کی امیری کا سلام کرو اور
تو میرے بعد خلیفہ ہے اور اس کے سوا بہت
سے لفظ ہین جو ہمارے مقصود و مطلوب پہ
دلالت کرتے ہین پس وہی امام ہین اور
یہی مطلب ہے

شرائط و صفات امامؑ

حق الیقین ص۱

در بیان شرائط امامت است بنا بر قول
متکلمین و مشهور آن است که سه شرط
معتبر است اول آنکه باید امام افضل
باشد از همه اُمت در جمیع جهات خصوصاً در
علم و الا تفضیل مفضول و ترجیح مرجوح
لازم می آید و آن بحسب عقل قبیح است و
ایضاً حق تعالی میفرماید افمن یهدی الی
الحق الخ

امامؑ کی شرطین اور صفتین

حق الیقین ص۱

بنا بر قول متکلمین کے امامت کی شرطون کا
بیان ہے اور مشہور یہ ہے کہ امام مین تین
شرط معتبر ہے، چاہئے کہ امام ہر جہت سے
افضل تمام امت ہو خصوصاً علم مین ورنہ
ادنےٰ کی بزرگی اور کمینہ کی بڑائی لازم آئیگی
اور یہ بحسب عقل کے قبیح ہے اور خدائے
تعالی بھی فرماتا ہے کیا جو کوئی حق کیطرف
ہدایت کرتا ہو سزاوار تر پیروی کیا جانیکا ہے

دوم از شرائط امامت عصمت است و اجماع
علماء امامیه منعقد است برانکه امام نیز مثل
پیغمبر معصوم است از اول عمر تا آخر عمر از
جمیع گناهان کبیره وصغیره واحادیث بسیار
متواتره و ایضاً امام امین خدا است
بر دین و دنیاوی مردم پس هرگاه خود
در احکام الٰہی خیانت کند کے قابل امامت
خواہد بود بلکه محل ملامت خواہد بود بقول
خدائے تعالیٰ که فرموده است اتامرون
الناس بالبر وتنسون انفسکم
وانتم تتلون الکتاب افلا
تعقلون

سوم از شرائط امامت نزد امامیه ہاشمی
بودن امام است و آن بنصوصیکه بر خصوص
ہر یک از ائمه صلوات اللہ علیہم وارد شده
است معلوم خواہد شد انشاء اللہ

و سلطان المحققین نصیر الملة والدین

یا وہ جو راہ نہیں پاتا جب تک کہ ہدایت
کیا جائے تمہیں کیا ہے کیسا حکم کرتے ہو

۲- امام کی شرطوں میں سے معصوم ہونا ہے
اور علماء امامیہ کا اجماع اس پر منعقد ہے کہ
امام بھی مثل پیغمبر اول عمر سے آخر عمر تک
معصوم ہے ہر ایک گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے
اور اس بارہ میں بہت سی متواتر حدیثیں
ہیں اور بھی امام لوگوں کے دین و دنیا پر
امین خدا ہے پس جب احکام خدا میں خود
خیانت کریگا تو کب لائق امامت ہوگا بلکہ
قابل ملامت ہوگا بقول خدائے تعالیٰ جیسا
کہ فرمایا ہے کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم کرتے
ہو اور خود کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم
کتاب خدا کو پڑھتے ہو کیا تم کو عقل نہیں ہے

۳- امام کی شرطوں میں سے فرقۂ امامیہ کے
نزدیک امام کا ہاشمی ہونا ہے اور یہ ان
نصوص سے جو ہر ایک امام کیلئے خاص طور
سے وارد ہوئی ہیں معلوم ہوگا انشاء اللہ

اور سلطان المحققین نصیر الملۃ والدین علیہ الرحمۃ

در بعضی از رسائلش گفته است که در امام
هشت شرط معتبر است اول معصوم بودن
از گناهان صغیره و کبیره بنحوی که مذکور شد
دوم آنکه عالم باشد بهر چه در امامت بان
احتیاج باشد از علوم دینی و دنیوی سوم
شجاعت برای دفع دشمنان و فتنهها و
برانداختن اهل باطل - چهارم آنکه
در جمیع صفات کمال مانند شجاعت و
سخاوت و مروت و کرم و علم و هر چه
از صفات باشد از همه رعیت خود کاملتر
باشد و الا تفضیل مفضول لازم
آید و آن قبیح است عقلاً - پنجم آنکه
پاک باشد از عیوبی که باعث نفرت
مردم گردد خواه در خلقت باشد
مانند کوری و خوره و پیسی و خواه در
خلق باشد مانند بخل و حرص و کج خلقی
و خواه در اصل مانند دنائت نسب و
ولد الزنا بودن و تهمت در نسب او یا
پدران او و خواه در فرع - مثل

نے اپنے بعض رسالون مین فرمایا ہے کہ امام
مین آٹھ شرط معتبر ہے ۱- معصوم ہونا
ہر گناہ صغیرہ و کبیرہ سے ہے اُسطرح سے
جو مذکور ہوئی ۲- عالم ہونا ہر اُس شے کا
علوم دینی و دنیوی سے جس کی احتیاج
امامت مین ہوئے ۳- دشمنون اور فتنون
اور اہل باطل کے دفع کرنے کے واسطے
شجاع ہونا ۴- تمام صفات کمال مین
مانند شجاعت و سخاوت و مروت و کرم و علم
کے اور جتنی صفتین ہین سب مین اپنی
تمام رعیت سے کاملتر ہو ورنہ ادنیٰ کو
اعلےٰ ماننا لازم آئیگا اور یہ عقلاً قبیح ہے
۵- ہر اُس عیب سے جو نفرت خلق کا باعث
ہو پاک ہووے خواہ بدن مین ہو جیسے
اندھاپن جذام کوڑھ یا عادت مین ہو
مانند کنجوسی لالچ و کج خلقی کے اور خواہ
اُس کی اصل مین ہو جیسے پست نسب اور
زنازادہ ہونا اور اُس کے نسب مین اور
اُس کے باپ دادا کے نسب مین تہمت کا ہونا

صنعتہائے پست وافعال رکیک کہ انہا
منافات با لطف دارند۔
ششم۔ انکہ قرب ومنزلت او نزد
حق تعالیٰ از ہمہ کس بیشتر باشد ہفتم
انکہ معجزہا از او ظاہر شود کہ دیگران
ازان عاجز باشند تا انکہ در وقت
ضرورت دلیل حقیت او باشد۔
ہشتم انکہ امامت او عام باشد
وامامت منحصر در او باشد والا موجب
فساد میانۂ رعیت گردد
انتہیٰ ملتقطاً

ایضاً شرح تجرید ص ۲۰۸

المسئلۃ الثالثۃ فی ان الامام یجب
ان یکون افضل من غیرہ قال
وقبح تقدیم المفضول معلوم
ولا ترجیح فی المساوی اقول
الامام یجب ان یکون افضل من
رعیتہ لانہ اما ان یکون مساویا
لہم او انقص منہم او افضل والثالث ھو المطلوب

یا اُس کی قرابت مین ہو جیسے پست پیشہ اور
ہلکے کام کیونکہ یہ سب لطف کے خلاف
ہین (اور امام لطف ہے پس جمع نہ ہونگے)
۶۔ حق تعالیٰ اُسکے نزدیک اُسکا قرب و مرتبہ
سب سے زیادہ ہو۔ ۷۔ اُس سے معجزہ
ظاہر ہون اور دوسرے لوگ اُن سے عاجز
ہون تاکہ وقت ضرورت اُسکی حقیت کی
دلیل ہون ۸۔ اُس کی امامت عام ہو
اور اُس کی ذات مین امامت منحصر ہو ورنہ
درمیان رعیت باعث فساد ہوگا۔
انتہیٰ ملخصاً

اور بھی شرح تجرید مین ہے ص ۲۰۸

تیسرا مسئلہ اس مین ہے کہ واجب ہے امام
اپنے غیر سے افضل ہو محقق طوسیؒ فرماتے
ہین قباحت تقدیم مفضول معلوم ہے اور
مساوی ہونے مین کوئی ترجیح نہین ہے
علامہؒ فرماتے ہین امام کو واجب ہے کہ اپنی
رعیت سے افضل ہو کیونکہ تین حال سے خالی
نہین ہے اُن کا مساوی و برابر ہوگا۔ یا

والاول محال لانه مع التساوی یستحیل ترجیحه علی غیره بالامامة و الثانی ایضاً محال لان المفضول یقبح عقلاً تقدیمه علی الفاضل و یدل علیه ایضاً قوله تعالی افمن یهدی الخ

ایضاً اعتقادیہ علامہ مجلسیؒ

ولابد ان تعتقد فی النبی والائمه صلوات الله علیهم انهم معصومون من اول العمر الی آخره من صغائر الذنوب وکبائرها وکذا فی جمیع الانبیاء والملائکة وانهم اشرف المخلوقات جمیعاً وانهم افضل من جمیع الانبیاء وجمیع الملئکة وانهم یعلمون علوم جمیع الانبیاء وانهم یعلمون علم ماکان وعلم مایکون الی یوم القیمة وان عندهم آثار الانبیاء وکتبهم کالتوریة

اُن سے کم رتبہ ہوگا یا افضل ہوگا اور یہی تیسرا یعنی افضل ہونا مطلوب ہے اور اول یعنی مساوی رعیت ہونا محال ہے کیونکہ مساوات ہوتے ہوئے غیر پر ترجیح محال ہے ساتھ امامت کے اور دوسرا یعنی کم رتبہ ہونا رعیت سے بھی محال ہے کیونکہ مفضول کا فاضل پر مقدم کرنا عقلاً قبیح ہے اور اسی قول خدا افمن یہدی الخ بھی دلالت کرتا ہے۔

اور بھی اعتقادیہ علامہ مجلسیؒ میں ہے

ضرور ہے کہ تو نبیؐ اور ائمہؑ کے بارہ میں یہ اعتقاد رکھے کہ وہ اول عمر سے آخر عمر تک ہر گناہ صغیرہ و کبیرہ سے معصوم و پاک ہیں اور اسیطرح کل انبیا اور فرشتوں کے بارہ میں اعتقاد رکھ اور وہ تمام مخلوقات سے اشرف و بہتر ہیں اور ہمارے نبیؐ اور ائمہؑ تمام انبیا اور فرشتوں سے افضل ہیں اور تمام نبیوں کے کل علموں کو جانتے ہیں اور علم گذشتہ و آئندہ کو قیامت تک کے جانتے ہیں اور اُن کے پاس انبیا کے

والانجیل والزبور وصحف
آدم وابراهیم و شیث
وعصا موسیٰ وخاتم سلیمانؑ
وقمیص ابراهیم والتابوت
والالواح وغیر ذالک و
انه کان جهاد من جاهد
منهم وقعود من قعد
منهم عن الجهاد و سکوت
من سکت و نطق من نطق
وجمیع احوالهم وافعالهم
واقوالهم بامر الله
تعالیٰ وان کل ما علم رسول
الله صلی الله علیه و آله
علمه علیا علیه السلام
وکذا کل لاحق یعلم جمیع
علم السابق عند امامته
وانهم لا یقولون برای
ولا اجتهاد بل یعلمون جمیع
الاحکام من الله تعالیٰ ولا

تبرکات اور کتابین ہین جیسے توریت اور
انجیل اور زبور اور حضرت آدمؑ و شیثؑ و
ابراہیمؑ کے صحیفے اور حضرت موسیٰؑ کا
عصا اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی اور
حضرت ابراہیمؑ کا پیراہن اور تابوت سکینہ
اور حضرت موسیٰؑ کی لوحین وغیرہ اور
حضرت پیغمبر لڑنے والے ہین اُس سے جو
ائمہؑ سے لڑے اور اُس سے صلح رکھنے والے
ہین جو ان سے بیٹھ رہے لڑنے سے اور صلح
کرے اور چپ ہین اُس سے جو اُن سے
چپ رہے اور بولنے والے ہین اُس سے
جو اُن سے بولے اور اُنکے تمام احوال و
افعال و اقوال بحکم خدا تعالیٰ ہین اور
بتحقیق جو کچھ رسول خدا نے جانا ہے وہ
سب حضرت امیرؑ کو تعلیم کیا ہے اور اسی
طرح ہر پچھلا کل علم کو اگلے کے اپنی امامت
کے وقت مین جانتا ہے اور یہ حضرات
رائے اور اجتہاد سے نہین فرماتے ہین بلکہ
تمام احکام خدا کی طرف سے عالم ہین اور

يجهلون شيئا يسئلون عنه
ويعلمون جميع اللغات و
جميع اصناف الناس بالايمان
والكفر ويعرض عليهم اعمال
هذه الامة كل يوم ابرارها
وفجارها

ولا تعتقد انهم خلقوا العالم
بامر الله تعالى فانا قد نهينا
فی صحاح الاخبار عن القول
به ولا عبرة بما رواه البرسی
وغيره من الاخبار الضعيفة
ولا يجوز عليهم السهو والنسيان
وما ورد به من الاخبار
محمولة على التقية انتهى

ايضا اعتقادات صدوق رح
واعتقادنا فيهم انهم اولوا الامر
الذين امر الله بطاعتهم
وانهم شهداء على الناس
وانهم ابواب الله والسبيل

کسی چیز کے جو اُن سے سوال ہوئے جاہل
نہین ہین اور کل زبانون کو جانتے ہین
اور آدمیون کے ہر گروہ کو ایمان و
کفر کے ساتھ پہچانتے ہین اور ہر نیک و
بد اعمال اس امت کے ہر روز اُن
کے سامنے پیش ہوتے ہین۔

اور یہ اعتقاد نہ رکھہ کہ اُنھون نے بحکم
خدا جہان کو پیدا کیا ہے کیونکہ صحیح حدیثون
مین اس قول سے منع کیا گیا ہے اور اُس
کا کوئی اعتبار نہین ہے جو شیخ رجب برسی
وغیرہ نے اس بارہ مین ضعیف روایتین
لکھی ہین اور اُن پر بھول چوک جائز
نہین ہے اور جو حدیثین اسمین وارد
ہوئی ہین وہ تقیہ کی ہین انتہی

اور بھی اعتقادات صدوق رح مین ہے
ہمارا عقیدہ ائمہ کے بارہ مین یہ ہے کہ وہ
اولوا الامر ہین جن کی اطاعت کا خدا نے
حکم فرمایا ہے اور وہ لوگون پر گواہ ہین
اور وہ خدا کے دروازہ ہین اور خدا کی

الیہ والادلاء علیہ وانھم
عیبۃ علمہ وتراجمۃ وحیہ
وارکان توحیدہ وانھم
معصومون من الخطاء و
الزلل وانھم الذین اذھب
اللہ عنھم الرجس وطھرھم
تطھیرا وان لھم المعجزات
والدلائل وانھم امان
لاھل الارض کما ان النجوم
امان لاھل السماء ومثلھم
فی ھذہ الامۃ کسفینۃ
نوح من رکبھا نجی
وکباب حطۃ وانھم عباد
اللہ المکرمون الذین
لا یسبقونہ بالقول
وھم بامرہ یعملون
ونعتقد فیھم ان حبھم
ایمان وبغضھم کفر وان
امرھم امر اللہ ونھیھم

سبیل و راہ ہیں اور اُس پر دلالت
کرنے والے ہیں اور اُس کے علم کی جگہ
ہیں اور اُس کی وحی کے بیان کرنے
والے ہیں اور اُس کی توحید کے ستون
ہیں اور ہر خطا و لغزش سے پاک ہیں
اور یہ وہی ہیں جن سے خدا نے ناپاکی
و پلیدی کو دور کیا ہے اور پاک کردیا
ہے جو حق پاکیزگی کا ہے اور اُن کے
لئے معجزات اور دلیلیں ہیں اور یہ
اہل زمین کی پناہ ہیں جیسے ستارے
اہل آسمان کیلئے امان ہیں۔ اور اُن
کی مثال اس امت میں حضرت نوح کی
کشتی کی ہے جو اُس پر سوار ہوا وہ
بچ گیا اور یہ مثل باب حطۂ بنی اسرائیل
کے ہیں اور یہ خدا کے وہ مکرم بندہ
ہیں کہ اُس سے کسی بات میں آگے نہیں
بڑھتے بلکہ اُس کے حکم ہی پر چلتے ہیں
اور ہمارا عقیدہ اُن کیلئے یہ ہے کہ
اُن کی محبت ایمان ہے اور اُن کا بغض

کفر ۹

نهی الله و طاعتهم طاعة الله
ومعصیتهم معصیة الله ووليهم
ولی الله وعدوهم عدو الله
ونعتقد ان الارض لا تخلو
من حجة الله علی خلقه اماما
ظاهرا او خائفا مغمورا و
نعتقد ان حجة الله فی
ارضه وخلیفته فی عباده فی
زماننا هذا هو القائم المنتظر
محمد بن الحسن بن علی بن محمد
بن علی بن موسی بن جعفر بن
محمد بن علی بن الحسین بن
علی بن ابیطالب علیهم السلام
وانه هو الذی اخبر به النبی
عن الله عز وجل باسمه ونسبه
وانه هو الذی یملؤ الارض
قسطا وعدلا کما ملئت ظلما وجورا
وانه هو الذی یظهر الله به
دینه لیظهره علی الدین کله

کفر ہے اور ان کا حکم خدا کا حکم اور اُنکا منع
خدا کا منع کرنا ہے اور اُنکی طاعت خدا کی
طاعت اور اُنکی معصیت خدا کی معصیت ہے
اور اُنکا دوست خدا کا دوست اور اُنکا
دشمن خدا کا دشمن ہے اور ہم یہ اعتقاد
رکھتے ہین کہ زمین حجت خدا سے خالی نہین
رہتی ہے امام ظاہر ہو یا خائف وغائب ہو
اور ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ حاکم خدا اُس کی
زمین مین اور نایب خدا اُسکے بندو نمین
اس ہمارے زمانہ مین حضرت قائم منتظر محمد
بن حسن بن علی بن محمد بن علی بن موسی بن
جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی
طالب علیہم السلام ہین اور یہ وہی ہین جن
کی خبر خدا کی طرف سے اُنکے نام ونسب کے
ساتھ حضرت پیغمبر نے دی ہے اور یہ وہی
ہین جو زمین کو عدل وانصاف سے پُر کرینگے
جیسے وہ ظلم وجور سے بھر گئی ہوگی اور یہ
وہی ہین جن کی وجہ سے خدا اپنے دین
کو ظاہر فرمایگا تاکہ ہر ایک دین پر غالب

ولو کره المشرکون وانه هو
الذی یفتح الله علی یدیه مشارق
الارض ومغاربها حتی لایبقی
فی الارض مکان الانودی فیه
بالاذان ویکون الدین کله
لله تعالی وانه هو المهدی
الذی اخبر به النبی وانه
اذا نزل عیسی بن مریم نصلی خلفه
ویکون المصلی اذا صلی خلفه
کمن کان مصلیا خلف رسول
الله لانه خلیفته ونعتقد انه
لایجوز ان یکون القائم غیره
بقی فی غیبته ما بقی ولو بقی
غیبته عمر الدنیا لم
یکن القائم غیره لان
النبی والائمة دلوا علیه
باسمه ونسبه وبه
نصوا وبه بشروا
صلوات الله علیهم

کرے اگرچہ مشرکون کو برا معلوم ہووے اور
یہ وہی ہین جن کے ہاتھہ پر خدائے تعالیٰ
مشرق و مغرب زمین کو فتح کریگا یہانتک
کہ کوئی جگہ باقی نہ رہ جائیگی مگر یہ کہ اُسمین
آواز اذان کی بلند ہوگی اور کل دین خدا
ہی کا ہوگا یعنے خدا کا ایک ہی دین ہر
جگہ ہوگا اور یہ وہی مہدی ہین جن کی
خبر پیغمبر نے دی ہے اور جب عیسیٰ بن مریمؑ
آسمان سے نازل ہونگے تو اُن کے پیچھے
نماز پڑھینگے اور ان کے پیچھے نماز کا
پڑھنے والا ایسا ہوگا جیسا رسول اللہ کے
پیچھے نمازی ہووے کیونکہ آپ آنحضرتؐ کے
خلیفہ ہین اور ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ جائز
نہین ہے ان کے سوا کوئی اور قائم و مہدی
ہووے زندہ ہین اپنی غیبت مین جب تک
ہین اور اگر آپ کی غیبت عمر دنیا کی برابر
ہووے تو بھی دوسرا کوئی قائم نہ ہوگا کیونکہ
پیغمبر و ائمہ نے ان کے نام و نسب کو بتا دیا
ہے اور انھین پر نص فرمائی ہے اور انھین

اجمعین

ایضاً منہاج النجاة ص ۲۸۱

ہمین مضمون بتفاوت بعض الفاظ
مرقوم است و بعد ازان می فرماید.
و انہم کلہم مقتولون
بالسم سوی علی والحسین
فبالسیف و من جحد
امامة احدھم فہو
بمنزلة من جحد نبوة
جمیع الانبیاء علیہم
السلام قال الصادق
المنکر لاٰخرنا کالمنکر
لاولنا و عن النبی صلی
اللہ علیہ وآلہ من جحد
امامة علیؑ و بہ نسخہ دیگر
من جحد علیا امامتہ
بعدی فقد جحد نبوتی
و من جحد نبوتی فقد

کے ساتھ بشارت دی ہے صلوات اللہ
علیہم اجمعین۔

اور بھی منہاج النجاة ص ۲۸۱ مین
یہی مضمون بالاتفاوت بعض الفاظ مرقوم
ہے اور بعد ازان فرماتے ہین
ہمارا عقیدہ ان سب بزرگوارون کے بارہ
مین یہ ہے کہ سب کے سب زہر سے قتل ہوئے
ہین سوا امیر المؤمنین اور امام حسین علیہما
السلام کے جو تلوار سے شہید ہوئے ہین
اور جو ان مین سے ایک کی امامت کا منکر
ہو تو مثل اُس کے ہے کہ تمام نبیون کی نبوت
کا منکر ہے اور حضرت صادق علیہ السلام
نے فرمایا ہے کہ ہمارے آخر کا منکر مثل ہمارے
اول کے منکر کے ہے اور حضرت پیغمبر سے
مروی ہے جو کوئی امامت حضرت علیؑ کا انکار
کرے اور بنا بر دوسرے نسخہ کے جو کوئی
امامت علیؑ کا میرے بعد انکار کرے تو اُسی
نے میری نبوت کا انکار کیا ہے اور جو میری
نبوت کا منکر ہو تو وہ خدا کی خدائی کا

حجۃ اللہ وربوبیتہ والغالی
فیھم کالمقصر بل ھو اشر انتھی
ایضاً فیہ ط ۲۷
و یجب ان یکون الامام افضل
اھل زمانہ واقربھم الی
اللہ عز وجل وان یجمع
فیہ خصال الخیر المتفرقۃ
فی غیرہ مثل العلم بکتاب
اللہ وسنۃ رسولہ والفقہ
فی دین اللہ والجھاد فی
سبیل اللہ والرغبۃ فیما
عند اللہ والزھد فیما
بید خلق اللہ الی غیر ذالک
من الخیرات وان یکون
معصوما من التزیغ و
الزلل والخطا فی القول
والعمل منزھا عن ان
یحکم بالھوی او یمیل
الی الدنیا لما ذکرناہ فی النبی

کا منکر ہے اور ان کے حق مین غلو کرنے
والا مثل تقصیر کرنیوالے کے ہی بلکہ غالی بدتر ہی
اور بھی اُسی مین ہے ط ۲۷
اور واجب ہے کہ امام اپنے زمانہ والون سے
افضل ہو اور پیش خدا سب سے مقرب تر
ہو اور جامع تمام عمدہ خصلتون کا ہو۔ جو
اورون مین متفرق ہون جیسے کتاب خدا
اور سنت رسول خدا کا عالم ہونا اور دین
خدا مین بافہم ہونا اور راہ خدا مین جہاد
کرنا اور جو کچھ خدا کے پاس ہے یعنے اسکے
ثواب کی طرف راغب ہونا اور جو کچھ لوگون
کے ہاتھ مین ہے اُس کا تارک ہونا۔ اور
اس کے سوا جو خوبیان ہین انکا جامع ہونا
اور یہ کہ کجی و لغزش سے قول و فعل مین
معصوم ہو اور پاک ہوے اس سے کہ
بخواہش نفس حکم کرے یا دنیا کی طرف مایل
ہوے جو ہم نے پیغمبر کیلئے ذکر کیا ہے۔
بعینہ وہی صفات ضروری ہین۔
اور خلاصہ یہ کہ جو صفات پیغمبر کیلئے شرط

بعينه و بالجملة كل ما
اشترط في النبيّ من
الصفات فهو شرط في
الامام ما خلا النبوة قال
الصادق ع كل ما كان لرسول
الله فلنا مثله الا النبوة
والازواج

ايضاً حق اليقين ص ١٨

کلینی رح بسند معتبر از حضرت امام
محمد باقرؑ روایت کرده است که امام
را ده علامت است پاکیزه و ناف
بریده و ختنه کرده متولد می
شود چون از شکم مادر بیرون می
آید دستها را بر زمین میگذارد و صدا
بشهادتین بلند میکند و خباثت و جنابت
در او بهم نمی رسد و دیده اش
بخواب میرود و دلش بخواب نمی
رود یعنے انچه واقع می شود می داند و
خمیازه و کمانکش نمی کند و

ہین وہ سب امام مین بھی مشروط ہین
مگر نبوت و رسالت حضرت صادق علیہ
السلام نے فرمایا ہے جو کچھ رسول اللہ
کے لئے تھا ہمارے لئے ویسا ہی ہے مگر
نبوت اور نکاح یعنے ائمہ نبی نہین ہین
اور نو عورتون کا جمع کرنا ایک وقت مین
ان کیلئے حلال نہین ہے۔

اور بھی حق الیقین مین ہے ص ۱۸

کلینی علیہ الرحمہ نے بسند معتبر حضرت
امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی
ہے کہ امام کی دس نشانی ہے پاک و صاف
اور نال کٹا ہوا اور ختنہ کیا ہوا پیدا
ہوتا ہے اور جب شکم مادر سے باہر آتا ہے
تو ہاتھون کو زمین پر رکھتا ہے اور شہادتین
کی آواز کو بلند کرتا ہے اور نجاست اور
جنابت اُسے نہین ہوتی ہے اور اُس
کی آنکھین سوتی ہین مگر دل نہین سوتا
ہے یعنے سوتے ہین جو واقعہ ہوتا ہے اُسی
بھی امام جانتا ہے اور جمہائی اور انگڑائی

از پشت سر می بیند چنانچه از پیش رو می بیند و فضلہ کہ ازو می آید بوئی مشک ازو می آید و زمین را خدا موکل کردہ است کہ او را بپوشاند و فرو برد و چون زرہ حضرت رسول را می پوشد بر قامتش درست می آید و ہر کس دیگر کہ می پوشد خواہ دراز و خواہ کوتاہ یک شبر از قامتش زیادہ می آید و ملک با او سخن میگوید تا آخر ایام عمرش.

و ابن بابویہ ؒ از حضرت امام رضا روایت کردہ است کہ امام داناترین مردم است و در حکمت و علم بدقایق امور از ہمہ در پیش است و پرہیزگارتر و بردبارتر و سخی تر و شجاع تر از ہمہ کس است و عبادتش از ہمہ بیشتر است و سایہ ندارد و شاید کہ مراد آن باشد کہ گاہی چنین است و از حضرت

نہیں لیتا ہے اور سر کے پیچھے سے بھی ویسا ہی دیکھتا ہے جیسا کہ سامنے سے دیکھتا ہے اور جو فضلہ اُس سے نکلتا ہے اُس سے مشک کی بو آتی ہے اور خدا نے زمین کو مقرر فرمایا ہے کہ اُسے چھپا دے اور نگل جائے اور امام جب زرہ پیغمبر پہنتا ہے تو اُس کے بدن پر برابر ہوتی ہے اور اگر کوئی دوسرا پہنتا ہے دراز قد ہو یا پستہ قد ہو ایک بالشت بھر اُس کے قد سے بڑھ جاتی ہے اور امام سے فرشتہ آخر عمر تک بات کرتا ہے

اور ابن بابویہ علیہ الرحمۃ نے حضرت امام رضاؑ سے روایت کی ہے کہ امام تمام آدمیوں سے داناتر ہے اور حکمت و علم کے دقیق امور میں سب سے بڑھا ہوا ہے اور سب سے زیادہ پرہیزگار اور بردبار اور سخی اور شجاع ہے اور اُس کی عبادت سب سے بڑھی ہوئی ہے اور سایہ یعنے پرچھائی نہیں رکھتا ہے. شاید یہ مراد ہے کہ کبھی ایسا ہے اور حضرت

رسول والمئی باشد و بول و غایط اورا
کسی نمی بیند و زمین موکل است
بانچه از و بیرون آید فرو برد که بر
مردم ظاهر نشود و بویش از
مشک خوشبوتر است و اولی است
بمردم از جان ایشان که باید
اورا مقدم دارند بر نفس خود
در هر باب و جان خود را فدای
او کنند و یا آنکه مردم بے اختیار
آن حالت را نسبت باو بهم می
رسانند و مشفق تر و مهربان تر
است بر ایشان از پدران و مادران
ایشان و تواضع و فروتنی او
نزد خدا از همه کس بیشتر است
وانچه مردم را بان امر می کند
خود زیاده از دیگران بان عمل
می نماید وانچه مردم را بان
نهی می کند بیش از دیگران
اهتمام در ترک ان می نماید

رسول کے لئے ہمیشہ ہے یعنے آنحضرتؐ کا
سایہ کبھی نہین پڑتا ہے اور امام کی پیشاب
و پہنچانہ کو کوئی نہین دیکھتا ہے اور زمین
معین ہے اس پر کہ جو کچھ اس سے نکلے۔
نگل جاوے تاکہ لوگون پر ظاہر نہ ہو اور
اُسکی بو مشک سے زیادہ خوشبودار ہے
اور امام لوگون کی جان سے بہتر ہے کہ
لوگون پہ لازم ہے اُس کو ہر بات مین اپنی
جان پر مقدم رکھین اور اپنی جان کو
اُس پر فدا کرین اور یا یہ مطلب ہے کہ
یہ حالت لوگون مین بے اختیار بہ نسبت
امام پیدا ہو جاتی ہے یعنے ہر کوئی خود
بخود نثار ہونا چاہتا ہے اور وہ لوگون
کے باپ اور مان سے زیادہ تر اُن پر شفیق
اور مہربان ہے اور اُس کی تواضع و فروتنی
خدا کے نزدیک سب سے زیادہ ہے اور جس کا
حکم لوگون کو کرتا ہے اُسے اورون سے
زیادہ خود بجا لاتا ہے اور جس سے لوگون
کو روکتا ہے اور نہی فرماتا ہے اُس کے

ودعائے او مستجاب است حتی آنکه
اگر بر سنگی دعا کند هر آئینه بدونیم
می شود و حربها و اسلحۂ حضرت
رسول نزد اوست خصوصاً
شمشیر ذوالفقار که از آسمان
بزیر آمد و نزد او نامه ایست که
نامهای شیعیان اہلبیت تا روز
قیامت دران نوشته است
و نامۂ دیگر نزد اوست که نامهای
دشمنان اہلبیت تا روز قیامت دران
نوشته است و نزد امام می باشد جامعه
و آن نامۂ ایست که طول آن هفتاد ذراع
است و در عرض پوست گوسفندی و
چون پیچیده می شود بگندگی ران شتر
میشود و دران نوشته است هر حکمیکه
فرزند آدم بان محتاج می شود
و نزد او میباشد جفر بزرگ و جفر
کوچک یکی از پوست بز است و دیگری
از پوست گوسفند و درانها احکام حدود

ترک کے لئے سب سے زیادہ سعی فرماتا
ہے اور اگر کسی پتھر پر دعا کرے تو ضرور
دو ٹکڑے ہو جائیگا اور حضرت رسول اللہ
کے کل حربہ اور ہتھیار امام کے پاس ہیں
خصوصاً شمشیر ذوالفقار جو آسمان سے
اُتری ہے اور امام کے پاس ایک نامہ ہے
جسمیں روز قیامت تک کے تمام شیعوں
کے نام ہیں اور ایک اور نامہ بھی ہے
جسمیں قیامت تک کے دشمنان اہلبیت
کے نام درج ہیں اور امام کے پاس جامعہ
ہے اور وہ ایک نامہ ہے جسکی لنبائی ستر
ہاتھ کی ہے اور چوڑائی چرم گوسفند
کی اور جب لپیٹا جاتا ہے تو اونٹ کی
ران کے برابر موٹا ہوتا ہے اور اس میں
وہ سب حکم لکھا ہوا ہے جس کے فرزند آدم
محتاج ہیں
اور امام کے پاس بڑا جفر اور چھوٹا جفر
ہے ایک بکری کے چمڑے کا ہے اور ایک
بھیڑ کے چمڑے کا اور اُن میں حدود وغیرہ

و غیر انہا است حتی ارش خدشی کہ
در بدن کسی بکنند و گناہ کہ تعزیر ان
یک تازیانہ است و از احضرت
رسول املا فرمودہ و امیر المومنین
بخط خود نوشتہ است و مصحف
حضرت فاطمہؑ نزد امام است
و دران نامہا و احوال پادشاہان
تا روز قیامت نوشتہ است و
از برائے این ازرا نسبت می دہند
کہ چون حضرت رسول از دنیا
مفارقت کرد حضرت فاطمہؑ را اندوہ
عظیمی از مفارقت و جفاہای منافقان
امت عارض شد۔ حق تعالی جبرئیل
را از برائے تسلی آنحضرتؑ فرستاد
کہ خبرہائے آیندہ را از برائے
آنحضرتؑ ذکر میکرد و حضرت امیر المومنین
مینوشت و دران کتاب خبرہای آیندہ
است تا روز قیامت

و در حدیث دیگر فرمود کہ میان امام

کے احکام ہین حتی' ذرا سا زخم جو کسی کے
بدن مین لگائین جس مین خون نہ نکلے
اُس کا بھی حکم تحریر ہے اور وہ گناہ جس
کی سزا ایک کوڑا ہے اور اسکا املا حضرت
رسول نے فرمایا ہے اور حضرت امیر المومنین
نے اپنے خط مبارک سے لکھا ہے اور مصحف
حضرت فاطمہؑ امام کے پاس ہے اور اُسمین
نام اور احوال قیامت تک کے پادشاہون
کے ہین اور اُسے حضرت سیدہ کی طرف اس
لئے نسبت دیتے ہین کہ جب حضرت رسول
نے دنیا سے مفارقت فرمائی تو حضرت فاطمہؑ
کو آپ کی جدائی اور منافقان اُمت کے
ظلمون سے صدمہ عظیم عارض ہوا۔ حقتعالی
نے جبرئیلؑ کو آپ کی تسلی کیلئے بھیجا۔ وہ
آئندہ کی خبرین آپ کے لئے بیان کرتے
تھے اور حضرت امیرؑ لکھتے جاتے تھے اور اُس
کتاب مین روز قیامت تک کی آئندہ
خبرین ہین

اور دوسری حدیث مین فرمایا کہ درمیان امام

وحق تعالی عمودی از نور هست که
دران عمود احوال بندگان می
بیند وانچه براو مشتبه شود نظر
می کند دران و می داند.
بسند معتبر از حضرت امام موسیٰ کاظم
منقول است که امام را بچند خصلت
می توان شناخت.
خصلت اول انکه پیش ازو نص
امامت براو می کند چنانچه حضرت رسول
نص برخلافت امیرالمومنین علیه السلام کرد
خصلت دوم انکه هرچه ازو پرسند
جواب شافی می دهد واگر نپرسند
خود ابتدا می نماید.
خصلت سوم خبر می دهد مردم را
باینده.
خصلت چهارم انکه جمیع لغتها وزبانها
رامی داند وهرکس را بلغت خود
جواب می فرماید.
خصلت پنجم انکه کلام هیچ مرغی و

اور خدائے تعالی کے ایک ستون نور ہے
کہ اُسمین تمام بندون کے احوال امام
دیکھتا ہے اور جو چیز امام پر مشتبہ ہوتی
ہے اُس ستون مین دیکھکر جان لیتا ہے
اور بسند معتبر حضرت امام موسیٰ کاظم سے
منقول ہے کہ امام کو چند خصلت سے پہچان
سکتے ہین
اول یہ کہ اُس کے پہلے نے اُس پر امامت
کی نص کی ہو جیسے حضرت رسول نے جناب
امیرالمومنین کی خلافت پر نص فرمائی۔
خصلت دوم یہ کہ جو کچھ امام سے پوچھتے
ہین اُس کا شافی جواب دیتا ہے اور اگر
نہین پوچھتے تو وہ خود شروع کرتا ہے
خصلت سوم یہ کہ لوگون کو آئندہ کی
خبر دیتا ہے
خصلت چہارم یہ کہ تمام لغتون اور زبانون
کو جانتا ہے اور ہر شخص کو اُسی کی زبان
مین جواب دیتا ہے.
خصلت پنجم یہ کہ کسی حیوان ومرغ کا کلام

حیوانی براو مخفی نیست و ہمہ را
می فہمد۔

و از احادیث مستفیضہ بلکہ متواترہ
ظاہر می شود کہ ایشان از برائے
اظہار معجزہ در وقتی کہ مصلحت بودہ است
مردہ زندہ می کردہ اند چنانکہ حضرت
امیر المؤمنینؑ مکرر مردہ را زندہ کردہ
حضرت باقرؑ و صادقؑ ابو بصیر را بینا
کردند و صاحب خورہ و پیسی را
شفا دادند۔

و در احادیث بسیار وارد شدہ است
کہ ہر معجزہ کہ حق تعالیٰ بہر پیغمبری
دادہ بود ہمہ را بر رسول خدا و ائمہ
ہدیٰ عطا کردہ است و قادر بودہ
اند بر طی ارض کہ مسافت بسیار بعید
را در زمان قلیلی طے میکردہ اند بلکہ
در یکروز و کمتر چندین مرتبہ بر دور
دنیا بگردند و کتابہای جمیع پیغمبران
مانند توریت و زبور و انجیل و صحف

اُس پر پوشیدہ نہین ہے۔ وہ سب کو
سمجھتا ہے

اور احادیث مستفیضہ بلکہ متواترہ سے
ظاہر ہوتا ہے کہ آنحضراتؑ نے اظہار
معجزہ کے لئے بروقت مصلحت مردہ
کو زندہ کیا ہے چنانچہ حضرت امیرؑ نے
کئی دفعہ مُردہ زندہ فرمایا ہے اور
حضرت باقرؑ و صادقؑ نے ابو بصیر کو بینائی
دی اور جذامی اور کوڑھی کو شفا
بخشی ہے۔

اور بہت سی حدیثون مین وارد ہوا
ہے کہ جتنے معجزہ حق تعالیٰ نے ہر ایک
پیغمبر کو دیے تھے وہ سب رسول خدا
اور ائمہ ہدیٰ کو عطا کئے ہین اور طے
ارض پر قادر تھے کہ مسافت دور و دراز
کو تھوڑی دیر مین طے فرماتے تھے بلکہ
ایک روز اور کم مین کئی دفعہ دنیا کے
گرد پھر سکتے ہین اور تمام پیغمبرون کی کتابین
جیسے توریت و انجیل و زبور اور حضرت

آدمؑ وصحف شیثؑ وادریسؑ وابراہیمؑ
والواح موسیٰؑ ہمہ در نزد ایشان
بود وآثار جمیع پیغمبران مانند
عصائے موسیٰؑ وپیراہن ابراہیمؑ
ویوسفؑ وسنگ موسیٰؑ کہ دوازدہ
چشمہ از ان جاری شد وانگشتری
سلیمانؑ وبساط وسایر آثار انبیاؑ
نزد ایشان بود واکنون ہمہ
در نزد حضرت صاحب الامر علیہ
السلام است۔

وحق تعالیٰ ابر را مسخر ایشان کردہ
بود کہ بران سوار توانند شد کہ ملکوت
آسمان وزمین را بگردند۔

وہفتاد ودو اسم اعظم حق تعالیٰ را
می دانستند کہ برای ہرچہ میخواندند
البتہ مستجاب می شد ویکی ازان
اسمارا آصف بن برخیا میدانست
کہ بان اسم تخت بلقیس را از
دو ماہہ راہ بیک چشم برہم زدن

آدمؑ وشیثؑ وادریسؑ وابراہیمؑ کے
صحیفے اورالواح موسیٰؑ سب اُن کے
پاس تھین اور کل انبیا کے تبرکات
مانند عصای موسیٰؑ اور پیراہن حضرت
ابراہیمؑ ویوسفؑ اور وہ پتھر حضرت
موسیٰؑ کا جس سے بارہ چشمہ جاری ہوئے
اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی اور بساط
یعنے فرش اور باقی آثار انبیاؑ اُنکے
پاس تھے اور اس وقت سب حضرت
صاحب الامر علیہ السلام کے پاس ہین

اورخدائے تعالیٰ نے بادل کو ان کا تابع کیا
تھا کہ اُس پر سوار ہو کر سلطنت آسمان
وزمین کی سیر کریں

اور خدائے تعالیٰ کے بہتر اسم اعظم
کو جانتے ہین کہ جس شے کیلئے پڑہتے
ہین البتہ وہ مستجاب ہوتی ہے اور ایک
نام اُن ہین سے آصف بن برخیا وصی
حضرت سلیمانؑ جانتے تھے اور اُسی اسم
سے تخت بلقیس دو مہینہ کی راہ سے ایک

نزدیک حضرت سلیمانؑ حاضر کرد
وعلوم ایشان چندین نوع بود گاہی
صدائے ملک می شنیدند و گاہے
روح القدس کہ خلقیت بزرگتر از
جبرئیل ومیکائیل مشافہۃً بایشان القا
میکرد و گاہی بالہام حق تعالیٰ در دل
ایشان نقش میشد و گاہی صدائے ملک
بگوش ایشان میرسید مانند صدای
زنجیری کہ بر طشت فرود آید و در احادیث
بسیار وارد شدہ است کہ عمدۂ علم علمی
است کہ در ہر آن و در ہر ساعت از دریای
علم تا منتہای علم الٰہی بر ما نازل میشود
و ملائکہ و روح کہ اعظم از ملائکہ
است در شب قدر بر امام نازل
می شوند و بر آن حضرت سلام
می کنند و انچہ از امور آن سال
دران شب مقرر شدہ براو عرض
می کنند و انچہ از امور وعلوم

پلک جھپکنے مین حضرت سلیمانؑ کے نزدیک
حاضر کیا تھا۔
اور اُن کے علم چند قسم کے تھے کبھی فرشتہ
کی آواز سنتے تھے کبھی روح القدس جو
ایک بزرگ خلقت جبرئیلؑ اور میکائیلؑ
سے ہے ان کے روبرو القا کرتا تھا اور
کبھی الہام خدا سے اُن کے دل مین نقش
ہوتا تھا اور کبھی صدائے فرشتہ اُن کے
کان مین آتی تھی جیسے اُس زنجیر کی آواز
ہوئے جو طشت پر گرے اور بہت حدیثون
مین وارد ہوا ہے کہ ہمارا عمدہ علم وہ
ہے کہ ہر آن اور ہر وقت دریائے علم
بے انتہائے علم الٰہی سے ہم پر نازل ہوتا
ہے اور کل فرشتہ اور روح القدس جو
سب فرشتون سے بڑا ہے شب قدر مین
امام زمانہ کے پاس نازل ہوتے ہین اور
آپ پر سلام کرتے اور سال بھر کے جو
جو کام اُس رات مین مقرر ہوئے ہین
آپ پر ظاہر کرتے ہین اور تمام امور و

گذشته و آینده همه نزد ایشان
است و هر علمیکه از آسمان بزیر
آمده نزد ایشان است و وارث علوم
جمیع پیغمبران اند و ایشان متوسم
اند که بهر کس نظر می کنند از جبین او
ایمان و کفر و نفاق را میدانند و
در هر درختی و برگی و ریگی و سنگی
که امام نظر می کند از ان علمی براو
ظاهر می شود و تمام قرآن و علم
ظاهر و باطن آن با هفتاد بطن
مخصوص امام است و جامها
و حربها و زرهها و مرکبها و انگشترها
و جمیع اسباب ظاهره و باطنه
حضرت رسول بحضرت امیر رسید
و نزد سایر ائمه مضبوط است
و صندوقی از پوست نزد
ایشان است که علم پیغمبران
و اوصیاء و علماء گذشته همه
دران مضبوط است و آن را

علوم گذشتہ و آیندہ ان کے پاس ہین
اور جتنے علم آسمان سے اُترے ہین سب
اُن کے پاس ہین اور کل پیغمبرون کے
علوم کے وارث یہ ہین اور یہی متوسمین
ہین کہ جس کی طرف نظر فرماتے ہین اُس
کی پیشانی سے ایمان اور کفر اور نفاق
کو جان لیتے ہین اور جس درخت اور پتے
اور ریت اور پتھر کو امام دیکھتا ہے
اُس سے ایک علم اُس پر ظاہر ہوتا ہی اور
تمام قرآن اور اُس کے ظاہر و باطن کا
علم ستر باطنی معنی کے ساتھ امام کیلیے
خاص ہے اور سب کپڑے اور ہتھیار اور
زرہین اور سواریان اور انگوٹھیان
اور تمام اسباب ظاہر و باطن حضرت
رسول کے جناب امیر کو ملے اور کل امامون
کے پاس محفوظ ہین اور اُن کے پاس
ایک صندوق چمڑے کا ہے جس مین
تمام پیغمبران و اوصیاء و علماء گذشتہ
کے کل علم مضبوط و جمع ہین اور اُس کو

جفرابیض می گویند و صندوقی دیگر نزد ایشان هست که جمیع اسلحۂ حضرت رسول دران مضبوط است وانرا جفراحمر می گویند وحضرت صاحب الامرؑ آن را خواهد کشود

ودراحادیث معتبرہ بسیار منقول است که در ہر شب جمعہ روح مقدس حضرت رسول وارواح مطہرۂ امامان گذشتہ وروح پرفتوح امام زمانؑ را رخصت می دہند کہ بآسمانہا عروج نمایند تا بعرش اعظم الٰہی میرسند و بر دور آن ہفت شوط طواف میکنند ونزد ہمہ قائمہ از قوائم عرش دو رکعت نماز میکنند پس ببدنہای شریف خود برمیگردند با سرور فراوان وعلوم بے پایان واعمال ہر یک ازین امت را از نیکان وبدان ہر صبح وشام وہر ہفتہ وماہ عرض

جفرابیض یعنے سفید کہتے ہین اور ایک دوسرا صندوق بھی ان کے پاس ہے جس مین سارے ہتھیار حضرت رسول کے بند ہین اور اُسے جفراحمر یعنے جفر سرخ کہتے ہین اور حضرت صاحب الامرؑ اُسے کھولینگے۔

اور بہت سی معتبر حدیثون مین منقول ہے کہ ہر شب جمعہ مین روح مقدس حضرت رسول اور ارواح مطہرہ ائمہ گذشتہ اور روح پرفتوح امام زمانہؑ کو اجازت دیتے ہین کہ آسمانون پر جائین یہان تک کہ عرش اعظم پر پہونچتے ہین اور اُس کے گرد سات مرتبہ طواف کرتے ہین اور ہر ایک ستون کے پاس ستونہای عرش سے دو رکعت نماز پڑھتے ہین پھر اپنے بدن شریف کی طرف بیحد سرور اور بے انتہا علم کے ساتھ پلٹ آتی ہین اور اس امت مین سے ہر ایک نیک وبد کے اعمال ہر صبح وشام اور ہر ہفتہ وماہ مین روح

می کنند بر روح حضرت رسول و
ارواح ائمۂ گذشتہ و بر امام زمانؑ
و درہا و دیوارہا و دریاہا و کوہہا
مانع علم ایشان نمی شود و آنچہ
در مشرق و مغرب عالم واقع می
شود بر آن مطلع می گردند۔ از
جانب حق تعالی و حضرت رسالت
پناہ در ہنگام وفات جمیع
علوم خود را با میر المؤمنین تسلیم
کرد

ایضاً فیہ

و ہم چنین ہر امامی در وقت وفات
خود جمیع علوم خود را با امام بعد از
خود تسلیم و تعلیم می نماید و امام
را بغیر امام دفن و کفن و نماز نمیکنند
و اگر امامی در مشرق از دنیا
برود و امام بعد ازو در مغرب
باشد البتہ دران وقت باعجاز
امامت و طی الارض نزد او

حضرت رسول اللہ اور ارواح ائمۂ گذشتہ
اور امام زمانہ علیہم الصلوات والسلام پر
عرض کرتے ہین اور دروازے اور دیوارین
اور دریا اور پہاڑ اُن کے علم کے مانع
نہین ہوتے ہین اور جو کچھ مشرق و مغرب
عالم مین واقع ہوتا ہے اُس پر خبردار
جانب حق تعالی سے ہوتے ہین اور حضرت
رسالت پناہ نے وقت وفات اپنے
تمام علمون کو حضرت امیر المؤمنین کے
سپرد فرمایا۔

اور بھی اُسی مین ہے

اور اسیطرح ہر امام وقت وفات تمام
علمون کو اپنے بعد کے امام کو سپرد اور
تعلیم فرماتا ہے اور امام کو بغیر امام کے
دوسرا دفن اور کفن نہین کرتا اور نماز
نہین پڑھتا ہے اگر کوئی امام مشرق
مین دنیا سے جائے اور اُسکے بعد کا امام
مغرب ہووے البتہ اُس وقت معجزہ
امامت اور طی الارض سے اُس کے پاس

حاضر نشود و علوم او را کسب می کند
و تجہیز او می نماید بنحویکه اکثر مردم
مطلع نمی شوند چنانکه حضرت امام رضاؑ
در بغداد حاضر شد و حضرت امام محمد
تقیؑ در خراسان حاضر شد ۔

و در احادیث متکاثره وارد شده است
که ارواح ایشان از انوار مقدسه حق
تعالی خلق شده است و بدنہا و دلہای
ایشان از طینت عرش آفریده شده
است چون حقتعالی میخواہد که امام را
خلق بکند ملکی را امر میکند که شربت
آبی از زیر عرش برمیدارد و نزد
امام می آرد که می آشامد و آن از آب
رقیق تر است و از مسکه نرم تر است
و از عسل شیرین تر است و از شیر
سفید تر است و از برف سرد تر است
پس امر می کند او را بجماع و نطفهٔ امام
از ان منعقد می شود

و بروایت دیگر بعد از چهار ماه سخن
ایشان را می شنود و می فهمد

حاضر ہوجاتا ہے اور اسکے علوم کو حاصل کرتا
ہے اور اُس کو دفن کرتا ہے اس طرح سے
کہ اکثر لوگ واقف نہین ہوتے ہین جیسا
کہ حضرت امام رضاؑ بغداد مین وقت وفات
امام موسیٰ کاظم حاضر ہوئے اور امام محمد تقیؑ
خراسان مین حاضر ہوئے ۔

اور بہت سی حدیثون مین وارد ہوا ہے کہ
ان سب کی روحین مقدس نور سے حقتعالیٰ
کے خلق ہوئی ہین اور ان کے بدن اور دل
عرش کی طینت سے پیدا کئے گئے ہین جب
خدائے تعالیٰ چاہتا ہے امام کو پیدا کرے
ایک فرشتہ کو حکم دیتا ہے کہ وہ تھوڑا سا
پانی عرش کے نیچے سے لیتا ہے اور امام کے
پاس لاتا ہے وہ اُسے پی لیتا ہے اور وہ
پانی سے زیادہ پتلا ہے اور مسکہ سے زیادہ
نرم اور شہد سے زیادہ میٹھا اور دودھ سے
زیادہ سفید اور برف سے زیادہ ٹھنڈا ہے
پھر اُس کو جماع کا حکم دیتا ہے اور امام کا نطفہ
اُسی پانی سے منعقد ہوتا ہے

اور دوسری روایت کے موافق جب چار
ماہ گذر جاتے ہین تو لوگون کی بات سنتا

پس ملکی بر بازوی او می نویسد و تمت کلمة ربك صدقا وعدلا لا مبدل لکلماته وهو السمیع العلیم و در شکم مادر ذکر حق تعالی می کند و تلاوت سورهٔ انا انزلناه و سایر آیات را می نماید چون متولد می شود مربع نشسته از جانب پا بیرون می آید چون بزمین می آید رو بقبله می کند و دستها را بر زمین می گذارد و سر بجانب آسمان می کند و صدا بکلمهٔ شهادت بلند می کند پس ملک در میان دو دیده اش و دو کتفش همان آیه را نقش می کند پس ندائی از میان عرش باو می رسد که ثابت باش بر حق که ترا برای امر عظیمی خلق کرده ام تو برگزیدهٔ منی از خلق من و محل رازِ منی و صندوق علم منی و امین منی بر وحی من و خلیفهٔ منی در زمین من از

اور سمجھتا ہے پھر ایک فرشتہ اُس کے بازو پر یہ آیت لکھتا ہے اور تیری رب کی بات ازروئے صدق و عدل کے تمام ہوئی خدا کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں ہے وہی سننے والا جاننے والا ہے اور ماں کے پیٹ میں ذکر خدائے تعالی کرتا ہے اور سورہ انا انزلناہ اور باقی آیتوں کو پڑھتا ہے اور جب پیدا ہوتا ہے تو چار زانو بیٹھکر پائوں کی طرف سے نیچے آتا ہے اور زمین پر پہونچتے ہی رو بقبلہ کرتا اور ہاتھوں کو زمین پر رکھتا اور سر کو آسمان کی طرف اُٹھاتا ہے اور باواز بلند کلمہ شہادتین پڑھتا ہے پس ایک فرشتہ اُسکی دونوں آنکھوں اور دونوں کاندھوں کے درمیان اُسی آیت کو نقش کرتا ہے پھر ایک آواز عرش کے درمیان سے اُسے آتی ہے کہ حق پر ثابت رہ تجھے ایک بڑے کام کیلئے میں نے پیدا کیا ہے تو میری خلق میں سے میرا مقبول ہے اور میرے بھید کی جگہ ہے اور میرے علم کا صندوق ہے اور میری وحی کا امانت دار ہے اور میری زمین میں میرا

برای تو و ہر کہ دوست می دارد واجب
گردانیدہ ام رحمت خود را و بخشیدہ
ام بہشت خود را باو و بعزت و
جلال خود سوگند یاد می کنم کہ ہر کہ
با تو دشمنی کند او را در بدترین عذاب
خود بسوزانم ہر چند در دنیا روزی
او را فراخ گردانم چون ندای منادی
تمام شود آیۂ شہد اللہ را تا
آخر در جواب منادی بخواند پس
دران وقت حق تعالی علوم اولین
و آخرین را باو عطا کند و مستحق
ان شود کہ روح القدس در شب
قدر و غیران او را زیارت می
کنند۔

چون بمرتبۂ جلیل امامت فایز
گردد حق تعالی در ہر شہری مناری
و علمی از نور برای او بلند کند
کہ اعمال بندگان خدا را دران به
بیند۔

و بروایتی دران شب کہ متولد شود
نوری دران خانہ ساطع گردد کہ

ثابت ہے مین نے تیرے لئے اور تیری دوست
دارون کے لئے اپنی رحمت کو واجب کر دیا
ہے اور اپنے بہشت کو اُسے بخش دیا ہے اور
اپنی عزت و جلال کی قسم کھاتا ہون کہ جو
تجھ سے دشمنی کریگا اُس کو سب سے برے
عذاب مین جلاؤنگا اگرچہ دنیا مین اُس
کی روزی کو زیادہ کرون جب منادی کی
ندا تمام ہوتی ہے آیت اشہد اللہ
کو آخر تک جواب منادی مین امام پڑھتا
ہے پس اُس وقت خدائے تعالی علوم
اولین و آخرین اُس کو عطا فرماتا ہے
اور اُس کا مستحق ہو جاتا ہے کہ روح القدس
شب قدر وغیرہ مین اُس کی ملاقات
کرتا ہے۔

جب امامت کے بزرگ مرتبہ پر فایز ہوتا
ہے تو خدائے تعالی ہر ایک شہر مین ایک
مینار اور ایک علم اُس کے لئے کھڑا کرتا
ہے نور سے تاکہ بندگان خدا کے اعمال
کو اُس مین دیکھے۔

اور بروایتی جس رات کو پیدا ہوتا ہے
ایک نور اُس گھر مین روشن ہوتا ہے کہ

پدرش و مادرش از آن مشاهده نمایند
و چون بزمین آید رو بقبله کند
و سه مرتبه عطسه کند و انگشت به
تحمید بلند کند انتهی بقدر الحاجة

امام کے باپ اور ماں اُسے دیکھتے ہیں اور
زمین پر آ کر قبلہ رخ ہوتا اور تین مرتبہ
چھینکتا اور حمد خدا کے ساتھ اُنگلی کو
بلند فرماتا ہے انتہیٰ بقدر الحاجۃ

وجوب معرفت امام وتسلیم امر او

معرفت امام اور اُن کے حکم کا ماننا واجب ہے

بحار جلد هفتم ص۱۶

قال ابو عبد الله قال رسول
الله من مات وهو لا يعرف امامه
مات ميتة جاهلية فعليكم
بالطاعة قد رايتم اصحاب
علی وانتم تأتمون بمن
لا يعذر الناس بجهالته لنا
كرائم القرآن ونحن اقوام
افترض الله طاعتنا ولنا
الانفال ولنا صفوا المال

بحار جلد ہفتم ص۱۶

امام جعفر صادقؑ نے کہا کہ حضرت رسول
اللہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص مر جائے اور
اپنے امام کو نہ پہچانے تو وہ جاہلیت اور
کفر کی موت پر مرا ہے پس تم پر پیروی
لازم ہے بہ تحقیق تم نے اصحاب حضرت
علی کو دیکھ لیا ہے اور تم اُس کے پیرو
ہو جس کے جاننے سے لوگ معذور نہ ہونگے
ہمارے لئے بزرگ آیتیں قرآن کی ہیں
اور ہم وہ گروہ ہیں کہ خدا نے ہماری
پیروی فرض کی ہے ہمارے لئے ہے انفال
اور ہمارے واسطے ہے پاکیزہ مال اور بھی

ایضاً

عن الحسين بن ابی العلا قال

حسین بن ابی العلا نے کہا کہ میں نے

سألت ابا عبد الله عن قول
رسول الله من مات ليس له
امام مات ميتة جاهلية
فقال نعم لو ان الناس
تبعوا علی بن الحسين ع و
ترکوا عبد الملك بن مروان
اهتدوا فقلنا من مات لا يعرف
امامه مات ميتة جاهلية ميتة
كفر فقال لا ميتة ضلال
بيان لعله انما نفى الكفر لان
السائل توهم انه يجري عليه
احكام الكفر في الدنيا فنفى
ذالك واثبت له الضلال
عن الحق في الدنيا وعن
الجنة في الآخرة فلا يدخل
الجنة ابدا فلا ينافي الاخبار
الآتية التي اثبتوا فيها انهم
الكفر لان المراد بها انهم
في حكم الكفار في الآخرة

امام جعفر صادق سے پوچھا قول رسول خدا کو کہ
کوکہ جو کوئی مر جائے اور اسکا امام نہو ہے
تو وہ جاہلیت کی موت پر مرا ہے فرمایا ہان
اگر لوگ امام زین العابدین کے تابع ہوتے
اور عبد الملک بن مروان کو چھوڑ دیتے تو
ہدایت پاتے ہم نے کہا جو کوئی مرے اور
اپنے امام کو نہ پہچانے وہ جاہلیت کی موت
کفر کی موت مرا ہے فرمایا نہیں گمراہی کی
موت پر مرا ہے۔
بیان علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہین حضرت
نے شاید اس لئے کفر کا انکار فرمایا کہ سائل
نے گمان کیا دنیا مین امام کے نہ پہچاننے
والے پر کفر کا حکم جاری ہوگا لہذا آپ نے
اسکی نفی کردی اور اس کے لئے دنیا مین
حق سے گمراہ ہونا اور جنت سے آخرت مین
دور رہنا ثابت کیا پس وہ کبھی داخل جنت
نہ ہوگا لہذا یہ حدیث آیندہ حدیثون کی
جن مین منکرین کے لئے اثبات کفر کیا ہے
منافی نہین ہے کیونکہ مراد یہ ہے کہ وہ لوگ
آخرت مین کافرون کے حکم مین ہونگے
نہ دنیا مین

ایضا عن الفضیل قال سمعت
ابا جعفر یقول من مات و
لیس له امام فموته میتة
جاهلیة ولا یعذر الناس
حتی یعرفوا امامهم و من
مات وهو عارف لامامه
لا یضره تقدم هذا الامر
او تاخره و من مات عارفا
لامامه کان کمن هو مع
القائم فی فسطاطه ایضاً
عن محمد بن اسماعیل عن
ابی الحسن الرضا قال من
مات ولیس له امام مات
میتة جاهلیة فقلت له
کل من مات ولیس له
امام مات میتة جاهلیة
قال نعم والواقف
کافر والناصب مشرك

ایضاً عن یحیی بن عبد الله
عن ابی عبد الله قال یا یحیی

اور بھی فضیل نے روایت کی ہے میں نے
امام محمد باقرؑ سے سنا فرماتے تھے جو مرجائے
درحالیکہ کوئی اُس کا امام نہ ہو تو اُس
کی موت جاہلیت کی موت ہے اور لوگ
معذور نہیں ہیں یہانتک کہ امام کو پہچانیں
اور جو مرجائے اس حالت میں کہ اپنے
امام کا شناسا ہو تو اُس کیلئے اس امر
کا آگے یا پیچھے ہونا ضرر رسان نہیں ہے
اور جو مرجائے حالانکہ اپنے امام کا عارف
ہو تو وہ ایسا ہے کہ جو حضرت قائمؑ کے
ساتھ اُن کے خیمہ میں ہوئے اور بھی
محمد بن اسماعیل نے حضرت امام رضاؑ سے
روایت کی ہے فرمایا جو مرے اور جو اُس
کا امام نہو تو جاہلیت کی موت مرا ہے
میں نے عرض کی ہر کوئی جو مرجائے اور اُس
کے لئے امام نہو تو وہ جاہلیت کی موت
مرتا ہے فرمایا ہاں اور امامت میں توقف
کرنے والا کافر ہے اور ناصبی یعنے دشمن
امام مشرک ہے

اور بھی یحیی بن عبد اللہ نے حضرت امام جعفرؑ
صادق سے روایت کی ہے فرمایا اے یحیی

من بات ليلة لا يعرف فيها
امام زمانه مات ميتة
جاهلية

ايضاً

عن حمران قال وصفت لابى
عبد الله رجلا يتوالى امير
المؤمنين ويتبرأ من عدوه
ويقول كل شيئ يقول الا
انه يقول انهم اختلفوا
فيما بينهم وهم الائمة
القادة ولست ادرى ايهم
الامام واذا اجتمعوا على
وجه واحد اخذنا بقوله
وقد عرفت ان الامر فيهم
رحمهم الله جميعاً فقال
ان مات هذا مات ميتة
جاهلية

ايضاً ابى حمزة قال ابو جعفر
لا يعذر الله يوم القيمة

جو کوئی ایک رات سوئے اس طرح کہ اپنے
امام زمانہ کو نہ پہچانے تو وہ جاہلیت
کی موت پر مریگا (یعنے اگر اُسی رات کو
بلا معرفت امام مر جاوے)

اور بھی حمران سے روایت ہے کہ مین نے
حضرت صادقؑ سے ایک شخص کا حال
بیان کیا کہ وہ امیر المومنین کو دوست
رکھتا ہے اور اُن کے دشمنون سے بیزار
ہے اور قایل ہے ہر شے کا جس کے وہ قایل
ہین مگر یہ کہتا ہے کہ یہ لوگ یعنے اہلبیت
آپس مین مختلف ہین حالانکہ وہی امام
و پیشوا ہین اور جب ایک وجہ پر یہ سب
جمع ہو جاوینگے تو ہم اُس کی بات کو مان
لینگے اور بتحقیق مین نے پہچان لیا ہے
کہ امر امامت انھین مین ہے خدا اُن سب
پر رحم فرماوے حضرت نے فرمایا اگر یہ مرگیا
تو جاہلیت کی موت مریگا یعنے اُس پر
ہر وقت لازم ہے کہ تحقیق کرکے امام برحق
کا معتقد ہو جاوے نہ یہ کہ لوگون کی اتفاق
کا منتظر ہے اور ابی حمزہ نے کہا کہ حضرت
امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ بروز قیامت خدا

احدا يقول يا رب لم اعلم
ان ولد فاطمة هم الولاة
على الناس كافة وفي شيعة
ولد فاطمة انزل الله هذه
الاية خاصة يا عبادي
الذين اسرفوا على انفسهم
لا تقنطوا من رحمة الله
الاية

کسی کو معاف نہ کریگا اس پر کہ کہے خدایا
مین نہ جانتا تھا کہ فاطمہؑ ہی کی اولاد کل
آدمیون کی والی اور حاکم ہے یعنے جاہل
امر امامت معذور نہین ہے اور اولاد فاطمہؑ
زہرا کے شیعون کے بارہ مین خاص یہ
آیت نازل ہوئی ہے اے میرے بندو
جنھون نے اپنی جانون پر زیادتی اور ظلم
کیا ہے تم رحمت خدا سے نا اُمید نہ ہو یعنے
رحمت خدا کی بشارت خاص شیعون ہی
کیلیئے ہے نہ عام خلق کے واسطے۔

ايضا عن الرضا قال قال
ابو جعفر من سره ان لا
يكون بينه وبين الله
حجاب حتى ينظر الى الله و
ينظر الله اليه فليتول
آل محمد ويتبرأ
من اعدائهم ويأتم
بالامام منهم فانه اذا
كان كذلك نظر الله اليه
ونظر الى الله

اور بھی حضرت امام رضاؑ سے روایت ہے کہ
امام محمد باقرؑ نے فرمایا جو کوئی اس سے خوش
ہوے کہ اُس کے اور خدا کے درمیان کوئی
پردہ نہ ہو یہانتک کہ وہ خدا کی طرف
دیکھے اور خدا اُس کی طرف نظر کرے پس
چاہیے کہ آل محمدؐ کو والی اور حاکم جانے اور
اُن کے دشمنون سے بیزار رہے اور آل محمدؐ
کے امام کا پیرو ہوے جب ایسا ہوگا۔ تو
اُسے خدا دیکھیگا اور وہ خدا کی طرف نظر
کریگا

بيان المراد بالنظر الى

بیان علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہین

الله النظر الی رحمته و
کرامته او الی اولیائه
او غایة معرفته بحسب
وسع المرء وقابلیته

خدا کی طرف دیکھنے اور نظر کرنے سے مراد اُس کی رحمت اور کرامت کی طرف نظر کرنا یا اُس کے دوستون کی جانب دیکھنا یا اُس کی نہایت معرفت کا بقدر قوت اور قابلیت کے حاصل کرنا ہے۔

ایضاً عن الرضا عن آبائه
عن علی قال رسول
الله من مات ولیس له
امام من ولدی مات
میتة جاهلیة ویؤخذ
بما عمل فی الجاهلیة
والاسلام

اور بھی حضرت امام رضا نے اپنے آبار طاہرین سے اور اُنھون نے حضرت علیؑ سے روایت کی ہے فرمایا رسول خدائے تعالیٰ نے جو کوئی مرجائے اور اُس کا کوئی امام میری میری اولاد مین سے نہ ہو تو جاہلیت کا موت مریگا اور اُس سے مواخذہ کیا جائیگا جو کچھ اُس نے جاہلیت اور اسلام کی حالت مین عمل کیا ہے

ایضاً اصول کافی طبع هند ص۲۴۷
باب التسلیم وفضل المسلمین
عن سدیر قال قلت لابی
جعفر انی ترکت موالیک
مختلفین یتبراء بعضهم
من بعض قال فقال فما
انت وذاک انما کلف الناس
ثلثة معرفة الائمة

اور بھی اصول کافی باب تسلیم اور فضیلت مین ماننے والون کے ہے۔
سدیر سے مروی ہے کہ امام محمد باقرؑ سے عرض کی مین نے آپ کے دوستون کو ایسے اختلاف مین چھوڑا ہے کہ ایک دوسرے پر تبرا کرتے ہین آپ نے فرمایا اس سے تجھے کیا ہے سوا اس کے نہین ہے کہ لوگ تین امر کے مکلف ہین معرفت ائمہ ۲ اُن کے

والتسلیم لهم فیما ورد علیهم
والرد الیهم فیما اختلفوا فیه

ایضاً عن عبد الله الکاهلی
قال قال ابو عبد الله لو
ان قوما عبدوا الله وحده
لا شریك له واقاموا الصلوٰة
واتوا الزکوٰة وحجوا البیت
وصاموا شهر رمضان ثم
قالوا لشیئ صنعه الله او صنعه
رسول الله الا صنع خلاف
الذی صنع او وجدوا ذلك فی
قلوبهم لکانوا بذلك مشرکین
ثم تلا هذه الآیة فلا وربك
لا یؤمنون حتی یحکموك فیما
شجر بینهم ثم لا یجدوا
فی انفسهم حرجا مما قضیت
ویسلموا تسلیما ثم قال
ابو عبد الله علیکم بالتسلیم

حکم کا ماننا۔ اُسی چیز مین جو اُن پر وارد
ہو۔ جس چیز مین اختلاف ہو اُس مین
ائمہ کی طرف رجوع کرنا یعنے اُن کے فیصلہ
پر راضی رہنا۔
اور بھی عبد اللہ کاہلی سے مروی ہے کہ حضرت
صادق نے فرمایا اگر کوئی گروہ خدائے
واحد اور لاشریک کی عبادت کرے اور نماز
پڑھے اور زکوٰۃ دے اور حج بیت اللہ کرے
اور ماہ رمضان کا روزہ رکھے پھر کسی چیز
کو جو خدا نے بنایا ہے یا رسول اللہ نے قرار دیا
ہے کہے کیون اسکے خلاف کیا وہ لوگ اس خیال
کو اپنے دلون مین پائین تو البتہ بوجہ اسکے وہ
لوگ مشرک ہو جائینگے (یعنے بوجہ ایراد و اعتراض
کے فعل خدا و رسول پر اسلام سے خارج ہو
جائینگے) پھر حضرت نے یہ آیت پڑھی (اے
پیغمبر) تیرے خدا کی قسم ہے لوگ مومن نہ
ہونگے یہان تک کہ تجھکو اپنے جھگڑون
مین حکم و منصف نہ بنائین اور جو کچھ تو
حکم و فیصلہ کر دے اُس سے کوئی تنگی اپنے
دلون مین نہ پائین اور مان لین جو حق ماننے
کا ہے حضرت نے فرمایا تم پر لازم ہے

ايضاً عن زيد الشحام عن
ابى عبد الله قال قلت
له ان عندنا رجلا يقال
له كليب فلا يجيئ شيئ
عنكم الا قال انا اسلم
فسميناه كليب تسليم
قال فترحم عليه ثم قال
اتدرون ما التسليم فسكتنا
فقال هو والله الاخبات
قول الله عز وجل الذين
امنوا وعملوا الصالحات واخبتوا
الى ربهم

ايضاً عن كامل التمار قال
قال ابو جعفر قد افلح
المؤمنون اتدرى من هم
قلت انت اعلم قال قد
افلح المؤمنون المسلمون
ان المسلمين هم النجباء فالمؤمن
غريب فطوبى للغرباء

تسلیم کرتا اور بھی زید شحام سے روایت
ہے کہ مین نے حضرت صادقؑ سے کہا ہمارے
یہان ایک آدمی ہے جسے کلیب کہتے ہین
اور کوئی شے آپ حضرات کی طرف سے نہین
آتی ہے مگر یہ کہ وہ کہتا ہے مین مانتا ہون
لہذا ہم نے اُس کا نام کلیب تسلیم رکھا ہے
پس حضرتؑ نے فرمایا خدا اُس پر رحمت
کرے پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو تسلیم کیا ہی
ہم سب چپ رہے فرمایا قسم بخدا وہ اطمینان
وسکون نفس ہے خدا فرماتا ہے وہ لوگ جو
ایمان لائے اور عمل صالح بجا لائے اور اپنے
خدا کی طرف مطمئن ہوئے ہین

اور بھی کامل تمار سے روایت ہی کہ حضرت
امام محمد باقرؑ نے فرمایا بتحقیق مومنین نے
نجات پائی ہے آیا تم جانتے ہو وہ کون ہین
مین نے کہا آپ بہتر جانتے ہین فرمایا تسلیم
کرنیوالے اور ماننے والے مومنون کی نجات
پائی ہے بتحقیق ماننے والے ہی نجیب ہین اور
مومن نادر و غریب ہے پس غربا کیلئے
طوبیٰ ہے یعنے مومن کم ہین اور اُنھین کے
لئے طوبیٰ و بشارت ثواب ہے

ایضاً عن محمد بن مسلم عن
ابی جعفر فی قول اللہ تبارک
و تعالیٰ و من یقترف حسنة
نزد له فیها حسنا قال
الاقتراف التسلیم لنا و
الصدق علینا والا یکذب علینا
ایضاً عن یحیی بن ذکریا الانصاری
عن ابی عبد اللہ قال سمعته
یقول من سرہ ان یستکمل
الایمان کله فلیقبل القول
منی فی جمیع الاشیاء قول
آل محمد فیما اسروا و ما
اعلنوا و فیما بلغنی منهم و فیما
لم یبلغنی

ایضاً عن ابی بصیر قال سالت
اباعبد اللہ عن قول اللہ عزو
جل الذین یستمعون القول
فیتبعون احسنه الی آخر الآیة
قال هم المسلمون لآل محمد
الذین اذا سمعوا الحدیث لم
یزیدوا فیه ولم ینقصوا

اور بھی محمد بن مسلم سے اس قول خدائے
تعالیٰ میں امام محمد باقرؑ سے روایت ہے اور
جو کوئی نیکی کمائے ہم اُسمیں اُس کو زیادتی
دینگے فرمایا نیکی کرنا ہمارے امر کا تسلیم کرنا
اور ماننا اور ہم پر سچ کہنا اور ہم پر جھوٹ
کا نہ بولنا ہے اور بھی یحییٰ بن زکریا ئی
انصاری نے حضرت صادقؑ سے روایت
کی ہے کہا میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سُنا
کہ جو شخص یہ پسند کرے کہ اُسکا ایمان پورا
اور کامل ہووے پس وہ میرے قول کو قبول
کرے تمام اشیاء میں یعنے قول آل محمدؐ ہر
اُس شئے میں جو کچھ اُنھوں نے ظاہر فرمایا اور
جو کچھ چھپایا اور جو کچھ مجھے اُن سے پہونچا
اور جو کچھ میرے پاس نہیں آیا ہے

اور بھی ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے
حضرت صادقؑ سے سوال کیا اس قول خدائے
عزوجل کا وہ لوگ کہ کلام خدا سنتے ہیں
پس اُس کے خوبتر کی پیروی کرتے ہیں
آخر آیت تک آپنے فرمایا اس سے وہ لوگ
مراد ہیں جو آل محمدؐ کیلئے تسلیم کرتے ہیں وہ
ایسے ہیں جب کوئی حدیث سنتے ہیں تو

منه جاؤا به كما سمعوه انتهى

اُسمین زیادتی اور کمی نہین کرتے ہین یعنے یہ پورے ملنے والے ہین جو ہمارے قول سے تجاوز نہین کرتے ہین۔

عالم تمام علم قرآن ظاہراً وباطناً ائمہ اند

پوری علم قرآن کے از روی ظاہر و باطن کے جاننے والے ائمہ ہین

اصول کافی باب انه لم یجمع القرآن کله الا الائمة وانهم یعلمون علمه کله

۱۳۹ طبع هند

اصول کافی باب اس کا کہ نہین جمع کیا ہی پورے قرآن کو مگر ائمہ نے اور وہی اُس کے پورے جاننے والے ہین یعنے تمام علم قرآن ائمہ ہی جانتے ہین

عن جابر قال سمعت ابا جعفر یقول ما ادعی احد من الناس انه جمع القرآن کله کما انزل الا کذاب وما جمعه وحفظه کما نزله الله الا علی بن ابی طالب والائمة من بعده۔

جابر سے مروی ہے کہ مین نے امام محمد باقر سے سنا کہ فرماتے تھے نہین دعوی کیا کسی نے آدمیون سے اس کا کہ اُس نے تمام قرآن کو جیسا کہ نازل ہوا ہے جمع کیا ہے مگر بڑے جھوٹے نے اور نہین جمع کیا ہے اور نہین حفظ کیا ہے اسکو جس طرح سے خدا نے نازل فرمایا ہے مگر حضرت علی بن ابیطالب اور اُن کے بعد کے ائمہ نے ۱

ایضاً عن جابر عن ابی جعفر قال ما یستطیع احد ان یدعی ان عنده جمیع القرآن کله ظاهره وباطنه غیر الاوصیاء

اور بھی جابر سے مروی ہے کہ امام محمد باقر نے فرمایا کوئی شخص یہ قدرت نہین رکھتا ہی کہ دعوی کرے کہ تمام قرآن یعنے اُس کا ظاہر و باطن جمع کر لیا ہی بجز اوصیا کے

ایضاً عن عبد الاعلیٰ مولیٰ
آل سام قال سمعت ابا عبد
الله یقول واللہ انی لاعلم
بکتاب اللہ من اولہ الی
آخرہ کانہ فی کفی فیہ
خبر السماء وخبر الارض
وخبر ماکان وخبر ما ھو کائن
قال اللہ عزوجل فیہ تبیان کل
شیئ

ایضاً کتاب فرض العلم باب الرد
الی الکتاب والسنۃ من اصول
الکافی ص۳۴ طبع الھند۔ عن المعلی
ابن خنیس قال قال ابو عبد
اللہ ما من امر یختلف فیہ اثنان
الا ولہ اصل فی کتاب اللہ و
لکن لا تبلغہ عقول الرجال

انتہیٰ

اور بھی عبدالاعلیٰ غلام آل سام سے مروی
ہے کہ مین نے امام جعفر صادق سے فرماتے
ہوئے سنا ہے کہ قسم بخدا بتحقیق و البتہ مین
کتاب خدا کا علم رکھتا ہون اُسکے شروع سے
آخر تک گویا وہ میرے ہاتھ مین ہے اُس مین
آسمان کی خبر اور زمین کی خبر اور گذشتہ و
آیندہ کی خبر ہے خدائے عزوجل نے فرمایا ہے
اُس مین بیان ہر شے کا ہے۔

اور بھی اُسی مین ہے

کتاب فرض علم باب رجوع کرنا طرف کتاب و
حدیث کے

معلی بن خنیس راوی ہین کہ فرمایا امام جعفر
صادق علیہ السلام نے کسی امر مین دو آدمی
اختلاف نہین کرتے ہین مگر یہ کہ اُس کی
اصل کتاب خدا مین ہے ولیکن لوگون کی
عقل اُس تک نہین پہونچتی ہے (یعنی ہر
چیز قرآن مین بیان ہوئی ہے مگر اُن سب
کو پوری طور سے ائمہ ہی سمجھتے ہین اسی
لئے اُن کی طرف رجوع کا اور اُن کے امر
کی تسلیم کا حکم ہوا ہے)

اتحاد مذہب حضرت پیغمبر و ائمہ

ترجمہ عقائد الاسلام ص ۲۰۵

وہمچنین شبہ نیست کہ اعتقاد ایشان درباب اصول دین و فروع دین اعتقاد پیغمبر است زیرا کہ ہیچ کس نمی تواند انکار کند کہ اعتقاد شاہ اولیا و حضرت فاطمہ زہرا اعتقاد حضرت پیغمبر نبود وہمچنین نمی تواند انکار کند کہ امام حسن و امام حسین در اعتقاد پدر و مادر خود شان نبودند و ایضاً شکی نیست کہ علی زین العابدین کہ پسر امام حسین است در اعتقاد پدر و جد خود بود و پسر او امام محمد باقر و پسر او امام جعفر صادق و پسر او امام موسیٰ کاظم و پسر او امام علی الرضا و پسر او امام محمد تقی و پسر او امام علی النقی و پسر او امام حسن عسکری و پسر او محمد مہدی در مذہب آبا و اجداد خود بودند وہمچنین شکی نیست ما را کہ گروہ

مذہب پیغمبر و ائمہ ایک ہے

ترجمہ عقائد الاسلام ص ۲۰۵

